اکتوبر نومبر دسمبر

زینب

لجنہ اماء اللہ
ناروے

2015

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

سہ ماہی «زینب»

لجنہ اماء اللہ ناروے کی علمی تعلیمی و تربیتی سرگرمیوں کا ترجمان

«سرپرستِ اعلیٰ»

امیر جماعت احمدیہ ناروے   مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب

«زیرِ نگرانی»

صدر لجنہ اماء اللہ ناروے   مکرمہ سیّدہ بشریٰ خالد صاحبہ

مجلس ادارت

مدیرہ حصّہ اُردو کتابت، تقسیم و اشاعت   محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

نائبہ سیکرٹری اشاعت   محترمہ صدیقہ وسیم صاحبہ

مدیرہ حصّہ نارویجن: محترمہ مہرین شاہد صاحبہ

نائبہ مدیرہ حصّہ نارویجن: عزیزہ عندلیب انور

پرنٹنگ: محترمہ شمسہ خالد صاحبہ

پروف ریڈنگ: محترمہ طاہرہ زرتشت صاحبہ

محترمہ سعیدہ نعیم صاحبہ

محترمہ صدیقہ وسیم صاحبہ

محترمہ طیبہ رضوان صاحبہ

محترمہ ثمینہ ظہور صاحبہ

شائع کردہ: شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ

Søren Bulls veien 1

1051 Oslo

Tlf: +47 22322746

FAX : + 47 22320211

فہرست مضامین

القرآن الکریم	2
کلام الامام	3
اداریہ	4
لجنہ کے نیشنل اجتماع پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام	5
تحریک جدید: حضرت مصلح موعودؓ نظر میں	7
تحریک جدید کے اغراض و مقاصد اور فیوض و برکات	10
وقف جدید: حضرت مسیح موعودؑ کی ایک خواہش کی تکمیل	14
وقف جدید کی اہمیت و برکات	17
وقف جدید اور خدمت خلق	20
حضور انور کے ساتھ واقفات کی کلاس	22
دعائیہ اعلانات	23
صحت	24
پکوان	25
قوس قزاح کے رنگ آپ کے سنگ	26
انفاق فی سبیل اللہ اور محاسبہ نفس	28
وقف جدید کے تحت زندگی وقف کرنے والے معلمین کی خدمات	32
نیشنل عاملہ	36
ناصرات کا صفحہ (شمسہ خالد اور مدیحہ محمود)	37

القرآن الکریم

سورۃ البقرۃ

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ
سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ
يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۲﴾

262۔ان لوگوں کی مثال جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ایسے بیج کی طرح ہے جو سات بالیں اگاتا ہو۔ ہر بالی میں سو دانے ہوں اور اللہ جسے چاہے (اس سے بھی) بہت بڑھا کر دیتا ہے۔ اور اللہ وسعت عطا کرنے والا (اور) دائمی علم رکھنے والا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ
لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۳﴾

263۔وہ لوگ جو اپنے اموال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں، پھر جو وہ خرچ کرتے ہیں اُس کا احسان جتاتے ہوئے یا تکلیف دیتے ہوئے پیچھا نہیں کرتے، ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ وہ غم کریں گے۔

(یہ ترجمہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع حضرت مرزا طاہر احمدؒ کے ترجمہ سے لیا گیا ہے۔)

حدیث نبوی ﷺ

472۔ عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍؓ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: " مَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُتِبَ لَهُ سَبْعُ مِائَةِ ضِعْفٍ۔"

ترجمہ:۔ حضرت خریم بن فاتکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستے میں کچھ خرچ کرتا ہے۔ اسے اس کے بدلہ میں سات سو گنا زیادہ ثواب ملتا ہے۔

(حدیقۃ الصالحین صفحہ:322)

کلام الامام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

’’ ہر ایک شخص جو اپنے تئیں بیعت شدوں میں داخل سمجھتا ہے اس کے لئے اب وقت ہے کہ اپنے مال سے بھی اس سلسلہ کی خدمت کرے۔ جو شخص ایک پیسہ کی حیثیت رکھتا ہے وہ سلسلہ کے مصارف کے لئے ماہ بماہ ایک پیسہ دیوے۔ اور جو شخص ایک روپیہ ماہوار دے سکتا ہے وہ ایک روپیہ ماہوار ادا کرے۔۔۔۔ ہر ایک بیعت کنندہ کو بقدر وسعت مدد دینی چاہئے تا خدا تعالیٰ بھی انہیں مدد دے۔ اگر بلا ناغہ ماہ بماہ ان کی مدد پہنچتی رہے گو تھوڑی مدد ہو تو وہ اس مدد سے بہتر ہے جو مدت تک فراموشی اختیار کر کے پھر کسی وقت اپنے ہی خیال سے کی جاتی ہے۔ ہر ایک شخص کا صدق اس کی خدمت سے پہچانا جاتا ہے۔ عزیزو! یہ دین کے لئے اور دین کی اغراض کے لئے خدمت کا وقت ہے اس کو غنیمت سمجھو کہ پھر کبھی ہاتھ نہیں آئے گا۔‘‘ (کشتی نوح، صفحہ: 83)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

’’اے خداوند خدا تو آپ ان دلوں کو جگا۔ اسلام پر ابھی ایسی مفلسی طاری نہیں ہوئی۔ تنگ دلی ہے ایسی تنگ دستی نہیں۔ اور وہ لوگ جو کامل استطاعت نہیں رکھتے وہ بھی اس طور پر اس کارخانہ کی مدد کر سکتے ہیں جو اپنی اپنی طاقت مالی کے موافق ماہواری امداد کے طور پر عہد پختہ کے ساتھ کچھ کچھ رقوم نذر اس کارخانہ کی کیا کریں۔۔۔ دیکھو جنہوں نے انبیاء کا وقت پایا انہوں نے دین کی اشاعت کے لئے کیسی کیسی جانفشانیاں کیں۔۔۔ سو اے لوگو! اگر تم میں وہ راستی کی روح ہے جو مومنوں کو دی جاتی ہے تو میری اس دعوت کو سرسری نگاہ سے مت دیکھو۔ نیکی حاصل کرنے کی فکر کرو کہ خدا تعالیٰ تمہیں آسمان پر دیکھ رہا ہے کہ تم اس کے پیغام کو سن کر کیا جواب دیتے ہو۔‘‘ (فتح اسلام، صفحہ:31-30)

حضور علیہ السلام مزید فرماتے ہیں:۔

’’میں یقیناً جانتا ہوں کہ خسارہ کی حالت میں وہ لوگ ہیں جو ریاکاری کے موقعوں میں تو صدہا روپیہ خرچ کریں۔ اور خدا کی راہ میں پیش و پس سوچیں۔ شرم کی بات ہے کہ کوئی شخص اس جماعت میں داخل ہو کر پھر اپنی خست اور بخل کو نہ چھوڑے۔۔۔ سو مردانہ ہمت سے امداد کے لئے بلا توقف قدم اٹھانا چاہئے۔۔۔۔۔ جو ہمیں مدد دیتے ہیں آخر وہ خدا کی مدد دیکھیں گے۔‘‘

(مجموعہ اشتہارات جلد 3 ،صفحہ:156)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

اداریہ:

رسالہ ''زینب'' کا یہ شمارہ آپ کی خدمت میں **تحریکِ جدید اور وقفِ جدید** کا تعارف لے کر حاضر ہو رہا ہے۔

یکم نومبر سے تحریک جدید کا نیا سال شروع ہو گیا ہے۔ 1934ء کا سال جماعت احمدیہ کی تاریخ میں ایک ناقابلِ فراموش سال ہے۔ اس سال سارے ہندوستان سے جماعت کے مخالفین مجلسِ احرار کے جھنڈے تلے اکٹھے ہوئے۔ اس وقت کی پنجاب میں انگریزی حکومت نے بھی ان کی ہر طرح سے مدد کی۔ قادیان میں مخالفین نے بہت بڑا جلسہ کیا اور اعلان کیا کہ ہم قادیان کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے۔ اور ہندوستان سے جماعت کا نام ونشان مٹا دیا جائے گا۔

اس اعلان کے مقابلہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح موعود رضی اللہ عنہ کو دشمن کے مقابلہ کے لئے دنیا میں۔۔۔ انقلاب پیدا کرنے والی ایک سکیم القا کی۔ جس کے نتیجہ میں جماعت نہ صرف ہندوستان میں بلکہ ساری دنیا میں پھیل گئی۔ آج اس تحریک کی کامیابی اس امر کی شاہد ہے کہ یہ خدا تعالیٰ کی نازل کردہ تحریک تھی۔ حضور نے اس تحریک کو جاری کرنے سے قبل خود فرمایا تھا:۔

''میرے ذہن میں یہ تحریک بالکل نہیں تھی۔ اچانک میرے دل پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ تحریک نازل ہوئی۔'' (تاریخ احمدیت۔ جلد 7 صفحہ :4)

جماعت احمدیہ دنیا کے دوسوسات ممالک میں منظّم ہے اور اشاعت توحید کا فریضہ بجالا رہی ہے اور 70 سے زائد زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم شائع کئے جاچکے ہیں ملین کے حساب سے لٹریچر شائع ہو رہا ہے۔ ہزاروں مساجد اور مشن ہاؤسز تعمیر ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ہسپتال، اسکولز اور دیگر ادارے سینکڑوں کی تعداد میں کام کر رہے ہیں۔ مخالفین نے دعوٰی کیا تھا کہ ہندوستان سے جماعت احمدیہ کا نام مٹا دیں گے مگر آج خدا کے فضل سے جماعت دنیا کے کناروں تک پھیل چکی ہے اور اس پر سورج غروب نہیں ہوتا۔

آج ضرورت ہے کہ ہم اس تحریک کو مزید مضبوط کریں۔ اور ہر فردِ جماعت کو اس تحریک کی مالی قربانی میں شامل کریں۔ یہاں تک کہ ایک دن کے بچے کو بھی اس مبارک تحریک میں شامل کرنا چاہئے۔ اپنے وفات شدہ بزرگان کی روح کو ایصالِ ثواب کے لئے اور ان کو اطمینان اور طمانیت نصیب ہونے کی غرض سے بھی تحریک جدید میں قربانی پیش کی جائے۔ یاد رکھیں کہ قربانی کبھی رائیگاں نہیں جاتی، خدا تعالیٰ کئی گُنا اجر سے نوازتا ہے۔

دوسری تحریک ''وقف جدید'' کے نام سے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیہاتی علاقوں میں تعلیم وتربیت کی غرض سے 1957ء کے شروع میں جماعت کے سامنے پیش کی۔ اس کے نتیجہ میں ایسے واقفین تیار کرنے مقصود تھے جو دیہاتی علاقوں میں پھیل جائیں اور تعلیم وتربیت اور تبلیغ کے کاموں کو سرانجام دیں۔ ابتدا میں اس تحریک کے تحت ہندوستان اور پاکستان میں کام ہوا۔ اس کے نتیجہ میں ہندو قوم کے افراد کثرت سے جماعت میں شامل ہوئے۔ تعلیم وتربیت کے علاوہ خدمت خلق کے تحت دکھی انسانیت کی خدمت کے کام انجام دینے کے لئے وہاں معلمین تعینات کئے گئے۔ ان علاقوں میں طبّی سہولتوں کا فقدان ہے۔ مناسب طبّی امداد نہ ملنے کی وجہ سے ہزاروں انسان موت کا شکار ہو جاتے تھے لہذا وقف جدید کے انتظام کے تحت ان علاقوں میں ہسپتال اور ڈسپینسریاں قائم کی گئی ہیں۔

اب اس تحریک کی مالی قربانی کو ساری دنیا تک وسیع کر دیا گیا ہے۔ اس تحریک کا سال یکم جنوری سے 31 دسمبر تک ہوتا ہے۔ مرکز کی ہدایت کے مطابق اس قربانی میں حصہ لینا چاہئے۔ اسی طرح نومبائعین میں مالی قربانی کی روح پیدا کرنے کی غرض سے انہیں اس تحریک میں شامل کیا جاتا ہے۔ خدا کرے کہ ہم قربانی کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والی ہوں۔ آمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى عَبْدِهِ الْمَسِيْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

لندن

14-11-15

پیاری ممبرات لجنہ اماء اللہ و ناصرات الاحمدیہ ناروے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے لئے یہ امر باعثِ مسرت ہے کہ آپ کو امسال بھی اپنا سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کا انعقاد ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین

مجھ سے اس موقعہ پر پیغام بھجوانے کی درخواست کی گئی ہے۔ میں اس موقعہ پر آپ کو چند تربیتی نصائح کرنا چاہتا ہوں۔

دنیا میں عورتوں کی تعداد مردوں کی نسبت زیادہ ہے اور یہی نسبت جماعت میں بھی ہوگی۔ اس لئے عورتوں اور بچیوں کو اپنی اصلاح کی طرف غیر معمولی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اسلام نے عورت کو نہایت معزز مقام عطا فرمایا ہے۔ حدیث میں ماں کے قدموں تلے جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ اس لحاظ سے جنہیں جنت کہا گیا ہے انہیں اپنا دینی معیار کس قدر بلند کرنے کی ضرورت ہے۔ کس قدر عملی اصلاح کی ضرورت ہے۔ کس قدر نیک نمونے قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک احمدی عورت کو تو لوگ دوسری عورتوں کی نسبت زیادہ دینی تعلیمات پر کاربند دیکھنا چاہتے ہیں۔ آپ میں سے زیادہ تر خود یا ان کے والدین احمدیت کی وجہ سے یہاں آکر آباد ہوئے ہیں۔ آپ کو اپنے ملک کی مذہبی پابندیوں سے نجات دلانے کے لئے یہاں رہنے کا حق دیا گیا ہے۔ اگر آپ نے اپنے دینی تعلیمات پر عمل چھوڑ دیا تو اس طرح آپ اپنے آپ کو بھی دھوکہ دے رہی ہوں گی اور حکومت کو بھی۔ اس لئے احمدیت جس نے آپ کو دنیوی سہولیات والی زندگی دی اس کی تعلیمات پر عمل کرنا آپ کے لئے ضروری ہے۔ آپ کو اپنا دینی علم بڑھانے کی ضرورت ہے تا کہ اگر کوئی آپ کے عقائد کے بارہ میں سوال کرے تو آپ اس کو جواب دے سکیں۔ مثلاً یورپ میں پردے پر بہت اعتراضات اٹھتے ہیں۔ آپ انہیں اپنے عمل سے اور دلیل سے سمجھائیں کہ یہ پردہ کسی جبر کی وجہ سے نہیں ہے۔ عورت میں جو فطری طور پر حیا پائی جاتی ہے اور ہمارا جو مذہب سے لگاؤ ہے وہ ہمیں مجبور کرتا ہے کہ ہم پردہ کریں۔ پھر یہ بات بھی روزمرہ کے مشاہدہ میں آتی ہے جو عورتیں اپنے پردے اور لباس کا خیال رکھتی ہیں وہ عبادات اور دیگر دینی تعلیمات کی بھی پابندی کرتی ہیں۔ وہ ہر پہلو سے اپنی اصلاح کی کوشش کرتی ہیں اور بچوں کی تربیت کا بھی خیال رکھتی ہیں۔ وہ نماز روزہ کی پابند اور جماعتی چندوں میں باقاعدگی سے حصہ لیتی ہیں۔ انہیں شوق ہوتا ہے کہ وہ احمدیت کی تبلیغ کریں اور وہ جس کسی کو ملیں انہیں ایم ٹی اے اور جماعتی ویب سائٹ کے بارے میں بتاتی ہیں نیز دیگر جماعتی معلومات کے ذرائع سے آگاہ کرتی رہتی ہیں تا کہ وہ نورِ ایمان جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمایا ہے وہ اسے اوروں تک پہنچا سکیں۔ پھر انہیں دعاؤں کی بھی عادت ہوتی ہے۔ وہ خلیفۂ وقت کو بھی دعاؤں کے لئے لکھتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ بھی ایسی دیندار عورتوں سے پیار کا سلوک فرماتا ہے اور اپنے فضل سے انہیں دعاؤں کی قبولیت کا تجربہ کرواتا ہے اور پھر خلیفۂ وقت کی دعائیں بھی ایسے لوگوں کے حق میں قبول ہوتی ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

دعا اسی کو فائدہ پہنچا سکتی ہے جو خود بھی اپنی اصلاح کرتا ہے اور خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنے سچے تعلق کو قائم کرتا ہے۔ پیغمبر کسی کے لئے اگر شفاعت کرے لیکن وہ شخص جس کی شفاعت کی گئی ہے اپنی اصلاح نہ کرے اور غفلت کی زندگی سے نہ نکلے تو وہ شفاعت

اس کو فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ جب تک خود خدا تعالیٰ کی رحمت کے مقام پر کھڑا ہو تو دعا بھی اس کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ نرا اسباب پر بھروسہ نہ کرلو کہ بیعت کر لی ہے۔ اللہ تعالیٰ لفظی بیعتوں کو پسند نہیں کرتا بلکہ وہ چاہتا ہے کہ جیسے بیعت کے وقت توبہ کرتے ہو اس توبہ پر قائم رہو اور ہر روز نئی توجہ پیدا کرو جو اس کے استحکام کا موجب ہو۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 173-172)

پس میرا آپ کو یہی پیغام ہے کہ یورپ کے معاشرہ میں پائی جانے والی برائیوں سے اپنے کو بچا کر رکھیں۔ آپ کی گفتگو میں، آپ کے عمل میں، آپ کے لباس میں، آپ کے چال چلن میں احمدیت کی جھلک نظر آنی چاہئے۔ آپ باقاعدگی سے میرے خطبات جمعہ سنا کریں اور بچوں کو بھی سنایا اور دکھایا کریں تا کہ آپ اور وہ اپنے آپ کو خلیفۂ وقت کے قریب سمجھیں۔ آپ کی سوچوں میں دین کی باتیں ہوں۔ آپ کے دلوں میں معاشرتی برائیوں اور برے ماحول سے نفرت پیدا ہو۔ اور نیکی اور رضائے باری تعالیٰ کا حصول آپ کا نصب العین ہو۔

اللہ تعالیٰ آپ کو میری ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار



خلیفۃ المسیح الخامس

علامات المقرّبین

خدا سے وہی لوگ کرتے ہیں پیار — جو سب کچھ ہی کرتے ہیں اُس پر نثار

اِسی فکر میں رہتے ہیں روز و شب — کہ راضی وہ دلدار ہوتا ہے کب؟

اسے دے چکے مال و جاں بار بار — ابھی خوف دل میں کہ ہیں نابکار

لگاتے ہیں دل اپنا اُس پاک سے — وُہی پاک جاتے ہیں اِس خاک سے

(از درثمین ۔ صفحہ:15)

تحریک جدید

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نظر میں

شمع شاکر احمد

احمدیت کا وہ پودا جو خدائی منشاء وحکمت کے تحت قادیان کی سرزمین میں ماموِر زمانہ کی دعاؤں اور آنسوؤں کے ساتھ بویا گیا تھا جسے آپ کی آواز پر لبیک کہنے والوں کی جانی، مالی، جذباتی اور ہر قسم کی قربانیاں خدائی فضلوں کو جذب کرتے ہوئے پروان چڑھا رہی تھیں اپنی خوبصورت اٹھان اور سرسبزی کی وجہ سے جہاں دینِ حق اور حضورﷺ کے عشاق میں خوشی کا عالم پیدا کرتا تھا وہاں دشمنوں اور حاسدوں کے لئے باعثِ تکلیف تھا۔

یہی وہ زمانہ تھا جب احمدیت کی منظّم طریق پر مخالفت شروع ہوئی اس مخالفت کے کئی پہلو تھے مظلوم کشمیریوں کی حمایت میں حضور خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے جس قوت و مضبوطی سے آواز اٹھائی وہ اپنے اثرِ افادیت اور نتائج میں انگریزی حکومت اور ہندوؤں کے اندازے اور توقع سے کہیں بڑھ کر تھی چنانچہ اس آواز کو دبانے کے لئے مسلمانوں کے ایک گروہ احرار کو آگے لانے کی کوشش کی گئی جو اسلام کا مقدس نام استعمال کرتے ہوئے ہندو مقاصد کی تکمیل کے لئے کوشاں تھا۔ چنانچہ احرار نے جماعت کی مخالفت شروع کردی گویا اس نازک وقت میں ہماری جماعت کے لئے مخالفت کی ایک ایسی آگ بھڑکائی گئی جس کا ایندھن مہیا کرنے میں انگریزی حکومت کے با اثر افراد، ہندو ذہنیت، ہندو سرمایہ، اور ہندو پریس پیش پیش تھا۔

1934 میں احرار کے ساتھ مذہبی اور سیاسی طاقتوں نے مل کر جماعت کے خلاف ایک محاذ کھولا اور یہ اعلان کیا کہ:

۱۔ ہم قادیان کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے۔ ۲۔ ہم منارۃ المسیح کی اینٹیں دریائے بیاس میں بہادیں گے۔

۳۔ قادیان اور اس کے نواح سے احمدیت کا نام ونشان مٹادیں گے۔

انگریز حکومت ، احرار، اور بعض دوسرے عناصر کی ملی بھگت سے فتنہ وفساد کی جو آگ جماعتِ احمدیہ کے خلاف بھڑک اٹھی اسے بجھانے اور اس کے بداثرات سے جماعت کو بچانے کے لئے حضرت امام جماعت احمدیہ اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کر رہے تھے کہ الٰہی القاء کے ذریعے قوموں کو زندگی بخش سکیم آپ کے قلبِ صافی پر مرتسم ہوئی۔ اس عجیب وغریب روحانی کیفیت کا ذکر کرتے ہوئے حضور فرماتے ہیں:۔

’’جماعت کی ان دنوں حکومت کے بعض افسروں کی طرف سے شدید مخالفت اور ہتک کی گئی اور سلسلہ کا وقار خطرے میں پڑ گیا تھا۔ پس میں نے چاہا کہ جماعت کو خطرہ سے بچاؤں۔ مگر بعض اوقات اللہ تعالیٰ کی رحمت انسانی قلب پر تصرف کرتی ہے اور روح القدس اس کے تمام ارادوں اور کاموں پر حاوی ہوجاتا ہے میں سمجھتا ہوں میری زندگی میں بھی یہ ایسا ہی واقعہ تھا۔ جبکہ روح القدس میرے دل پر اترا اور وہ میرے دماغ پر ایسا حاوی ہوگیا کہ مجھے یوں محسوس ہوا گویا اس نے مجھے ڈھانک لیا ہے اور ایک نئی سکیم، ایک دنیا میں تغیر پیدا کرنے والی سکیم میرے دل پر نازل کردی اور میں دیکھتا ہوں کہ میری تحریکِ جدید کے اعلان سے پہلے کی زندگی اور بعد کی زندگی میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ قرآنی نقطے مجھ پر پہلے بھی کھلتے تھے اور اب بھی کھلتے ہیں مگر پہلے کوئی معین سکیم میرے سامنے نہیں تھی، جس کے قدم قدم کے نتیجہ سے میں واقف ہوں

اور میں کہہ سکوں کہ اس رنگ میں ہماری جماعت ترقی کرے گی مگر اب میری ایسی حالت ہے کہ جس طرح انجینئر ایک عمارت بناتا ہے اور اسے علم ہوتا ہے کہ عمارت کب ختم ہوگی؟ اس میں کتنی کھڑکیاں ہوں گی؟ کتنے دروازے؟ اور کتنی اونچائی پر چھت پڑے گی؟ اسی طرح دنیا کی اسلامی فتح کی منزلیں اپنی بہت سی تفاصیل اور مشکلات کے ساتھ میرے سامنے ہیں۔ دشمنوں کی بہت سی تدبیریں میرے سامنے بے نقاب ہیں۔ اور یہ تمام امور ایک وسیع تفصیل کے ساتھ میری آنکھوں کے سامنے موجود ہیں۔ تب میں نے سمجھا کہ یہ واقعہ اور فساد خدا تعالیٰ کی خاص حکمت نے کھڑا کیا تھا تا وہ ہماری نظروں کو اس عظیم الشان مقصد کی طرف پھرا دے جس کے لئے حضرت مسیحِ موعودؑ کو بھیجا۔"

(سوانحِ فضلِ عمر۔ جلد سوم۔ صفحہ 299)

"تحریکِ جدید کو پیش کرنے کے موقع کا انتخاب ایسا اعلیٰ تھا جس سے بڑھ کر اور کوئی اعلیٰ انتخاب نہیں ہو سکتا تھا۔ خدا تعالیٰ نے مجھے اپنی زندگی میں جو خاص کامیابیاں اپنے فضل سے عطا فرمائی ہیں ان میں سے ایک اہم کامیابی تحریکِ جدید کو عین وقت پر پیش کر کے مجھے حاصل ہوئی۔ اور یقیناً میں سمجھتا ہوں جس وقت میں نے یہ تحریک کی وہ میری زندگی کے خاص مواقع میں سے ایک موقع تھا اور میری زندگی کی ان بہترین گھڑیوں میں سے ایک گھڑی تھی جبکہ مجھے اس عظیم الشان کام کی بنیاد رکھنے کی توفیق ملی۔" (سوانحِ فضلِ عمر۔ جلد سوم۔ صفحہ 298)

"ہر آفت جو مسلمانوں پر آتی ہے اس کے نیچے مخفی خزانہ چھپا ہوا ہوتا ہے پس یقیناً یہ بھی ایک خزانہ تھا جو خدا تعالیٰ نے ہمیں دیا کہ جماعت کو بیدار کر دیا جو لوگ سست اور غافل تھے ان کو بھی چوکنا کر دیا اور یہ ایک ایسا واقعہ تھا جو دنیوی نگاہ میں مصیبت تھا مگر خدا تعالیٰ کے نزدیک رحمت تھا۔ اور میں نے نہیں چاہا کہ اس سے صرف موجودہ نسل ہی حصہ لے بلکہ یہ چاہا کہ آئندہ نسلیں بھی اس سے حصہ پائیں۔ اور اس اعلیٰ طریق پر جو خدا تعالیٰ کے پاک بندے اختیار کرتے آئے ہیں اسے یاد رکھ سکیں اور اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔" (سوانحِ فضلِ عمر۔ جلد سوم۔ صفحہ 298)

آپ جماعت سے جس قسم کی قربانیوں کا مطالبہ کرنے والے تھے جماعت کو ان کے لئے ذہنی طور پر تیار کرنے اور مستعد رہنے کی خاطر پہلے آپ نے تین حکم دیئے۔

1. ہفتہ کے اندر اندر ہر وہ شخص جس کی کسی سے لڑائی ہو چکی ہے۔ ہر وہ شخص جس کی کسی سے بول چال بند ہے وہ جائے اور اپنے بھائی سے معافی مانگ کر صلح کرے۔
2. جلد از جلد ایسے آدمیوں کی ضرورت ہے جو سلسلہ کے لئے اپنے وطن چھوڑنے کے لئے تیار ہوں اپنی جانوں کو خطرات میں ڈالنے کے لئے تیار ہوں اور بھوکے پیاسے رہ کر بغیر تنخواہوں کے اپنے نفس کو تمام تکالیف سے گزارنے پر آمادہ ہوں۔ جو نوجوان ان کاموں کے لئے تیار ہوں اپنے نام پیش کریں۔
3. ہر وہ شخص جس کا چندوں میں کوئی نہ کوئی بقایا ہے، ہر وہ جماعت جس کے چندوں میں بقایا ہے فوراً اپنے بقائے ادا کریں اور آئندہ کے لئے چندوں کی ادائیگی میں باقاعدگی کا نمونہ دکھلائیں۔

حضرت مصلح موعودؓ نے **تحریک جدید کے مطالبات** جماعت کے سامنے رکھے جن میں سے چند درج ذیل ہیں:

- حضور نے سب سے پہلے جماعت سے اس تحریک کے سلسلہ میں جو مطالبہ فرمایا وہ سادہ زندگی اختیار کرنے کا تھا۔ یعنی سادہ کھانا، سادہ لباس، شادی بیاہ کے موقع پر سادگی، مکانوں کی آرائش و زیبائش میں سادگی۔
- دشمن کے مقابلہ کے لئے اس وقت بڑی ضرورت ہے جو گندہ لٹریچر ہمارے خلاف شائع کر رہا ہے اس کا جواب دیا جائے۔

= تبلیغ کی وسعت کے لئے نیا سلسلہ مبلغین کا ہونا چاہئے اور سرکاری ملازمین تین ماہ کی چھٹیاں لے کر اپنے آپ کو پیش کریں۔

= ایسے نوجوان اپنے آپ کو پیش کریں جو تین سال کے لئے اپنی زندگیاں وقف کریں۔

= احباب اپنی موسمی چھٹیاں، یا حق کے طور پر ملنے والی چھٹیاں وقف کریں۔

= وہ نوجوان جو گھروں میں بے کار بیٹھے ہیں اور اپنے والدین کو مقروض بنا رہے ہیں انہیں چاہئے غیر ملکوں میں جا کر اپنی قسمت آزمائی کریں تو ان کے لئے بھی بہتر ہوگا اور جماعت کے نوجوانوں میں ترقی کرنے کی روح بھی پیدا ہوگی۔

= جماعت کے دوست اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں۔

= جو لوگ بیکار ہیں وہ بیکار نہ رہیں اگر وہ اپنے وطنوں سے باہر نہیں جاسکتے تو چھوٹے سے چھوٹا جو کام بھی انہیں مل سکے وہ کرلیں غرض کوئی شخص بیکار نہ رہے۔

= ہر احمدی کو اپنے دل میں یہ اقرار کرنا چاہئے کہ آئندہ وہ اپنا کوئی مقدمہ جس کے متعلق گورنمنٹ مجبور نہیں کرتی کہ اسے سرکاری عدالت میں لے جایا جائے۔ اپنے عدالتی بورڈ اور اپنے قاضی سے شریعت کے مطابق اس کا فیصلہ کرائے گا۔ اور جو بھی وہ فیصلہ کرے گا اسے شرح صدر سے قبول کرے گا۔

تحریکِ جدید کے مطالبات ہماری امنگوں بھری ابھرتی ہوئی جماعت کے لئے ایسی آزمائش تھے جس سے جماعت کے جذبہ قربانی اور ایمان و یقین میں اتنا اضافہ ہوگیا کہ اس تحریک کے بعد پیش کی جانے والی قربانیوں کی مثال آنحضرت ﷺ کے صحابہ کی خوش قسمت جماعت کے سوا اور کہیں نہیں مل سکے گی۔

مطالباتِ تحریکِ جدید اور حضور کا اپنا نمونہ:

حضرت مصلح موعودؓ نے جب تحریکِ جدید جاری فرمائی اور مطالبات پیش کئے تو سب سے پہلے اور سب سے بڑھ کر خود عمل کر کے نہایت شاندار نمونہ دنیا کے سامنے پیش کیا۔ ہمیشہ سادہ کھانا کھاتے، نہایت سادہ لباس پہنتے۔ حضور کا ایک مطالبہ وقفِ زندگی کا تھا آپ نے اپنی زندگی کا ہر ہر لمحہ خدمتِ دین کے لئے وقف کیا۔ وقفِ زندگی کے متعلق حضور کا ارشاد تھا کہ ''ایمان کی کم سے کم علامت یہ ہونی چاہئے کہ ہر خاندان ایک لڑکا دے۔'' مگر خود حضورؓ کا اپنا نمونہ یہ تھا کہ آپ نے اپنی ساری اولاد کو ہی راہ خدا میں وقف کیا ہوا تھا۔ (سوانح فضل عمر، جلد:3 صفحہ:329)

''مالی قربانی کے سلسلہ میں حضورؓ کا ذاتی نمونہ انتہائی قابلِ رشک اور بے مثال ہے۔ آپ نے ذاتی طور پر اس ایک مد میں 1934ء یعنی تحریکِ جدید کے آغاز سے لے کر 1965ء اپنی زندگی کے آخری سال تک اس مد میں 2,54,468 روپے ادا کیا۔ اس کے علاوہ اپنی نہایت قیمتی ذاتی جائداد ملکیت 1,52,700 روپے بطور عطیہ عنایت فرمائی۔'' (سوانح فضلِ عمر۔ جلد سوم۔ صفحہ 332)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو بشاشت ایمان کے ساتھ مالی قربانی پیش کرنے اور حضور کے منشاء کے مطابق تحریک جدید میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

لجنات حضور انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نفل کا التزام کریں۔ جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لئے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔ جزاکم اللہ

تحریک جدید کے اغراض ومقاصد اور فیوض وبرکات

نسیم مظفر مجلس بیت النصر اوّل

جماعت کی مالی تحریکات میں سے ایک اہم مالی تحریک ”تحریک جدید“ ہے۔جس کے آغاز کا اعلان اللہ تعالیٰ کے منشاء کے مطابق سیدنا حضرت مصلح موعودؓ نے 1934ء میں قادیان کی سرزمین سے ایسے وقت میں فرمایا جب کہ احمدیت کے مخالفین اس خوش فہمی میں مبتلا تھے کہ وہ اس جماعت کو مٹا کر رکھ دیں گے۔مخالفت بڑی ہمہ گیر اور منظّم تھی جس کے بارے میں جماعت کا لٹریچر بھرا پڑا ہے۔جس کے جواب میں حضرت مصلح موعودؓ کے دل میں اللہ تعالیٰ نے اپنی وحی خفی کے ذریعے ایک نظام القاء فرمایا جو تحریک جدید کے نام سے موسوم ہے۔
جس کے منجانب اللہ ہونے کے بارے میں حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:

”یہ مت خیال کرو کہ یہ تحریک جدید میری طرف سے ہے۔نہیں بلکہ اس کا ایک ایک لفظ مَیں قرآن کریم سے ثابت کرسکتا ہوں اور ایک ایک حکم رسولِ کریم ﷺ کے ارشادات میں دکھا سکتا ہوں۔پس یہ مت خیال کرو کہ جو میں نے کہا ہے وہ میری طرف سے ہے بلکہ یہ اس نے کہا ہے جس کے ہاتھ میں تمہاری جان ہے میں اگر مر بھی جاؤں تو وہ دوسرے سے یہی کہلوائے گا اور اس کے مرنے کے بعد کسی اور سے۔بہر حال چھوڑے گا نہیں جب تک تم سے اس کی پابندی نہ کرالے۔“ (خطبہ جمعہ فرمودہ 13 دسمبر 1935ء :الفضل 21 دسمبر 1935ء)

”پس مبارک ہے وہ جو خدا تعالیٰ کی طرف سے بلاوا سمجھ کر ہمت اور دلیری سے آگے بڑھتا ہے اور خُدا تعالیٰ رحم کرے اس پر جس کا دل بزدلی کی وجہ سے پیچھے ہٹتا ہے“ (الفضل 28 نومبر 1944ء)

تحریک جدید کے اجراء کی دو بنیادی اغراض اور مقاصد تھے۔**تبلیغ** اور **تربیت** اور انہی دونوں کاموں کو تحریک جدید میں مدنظر رکھا گیا ہے۔
چنانچہ حضرت مصلح موعودؓ نے فرمایا:

”**تبلیغ**: اس سے مراد یہ ہے کہ دُنیا میں توحید کا قیام اور دین حق کی اصل تعلیم کی اشاعت کی جائے۔لوگوں کے سامنے دینِ حق کی صحیح اور خوبصورت تصویر پیش کی جائے۔تا تمام دنیا تک حضرت محمد ﷺ کا پیغام پہنچ سکے اور وہ آپ ﷺ کے جھنڈے تلے آکر نجات پائیں۔اس مقصد کو حاصل کیا جاسکے جس کے لئے حضرت اقدس مسیح موعودؑ کو معبوث کیا گیا تھا۔

تربیت: اس سے مراد کہ احبابِ جماعت کی ایسے رنگ میں تربیت کی جاسکے کہ دُنیا میں اسلامی تمدن قائم ہو۔احبابِ جماعت اپنی زندگیوں کو اس نمونہ کے مطابق ڈھالیں جس کو صحابہؓ نے پیش کیا۔اسی طرح اپنی زندگی گزاریں اور انہی کی طرح ہر وقت ہر قسم کی قربانی کے لئے تیار رہیں کیونکہ قربانیوں کے بغیر قومیں ترقی نہیں کیا کرتیں۔قربانیاں قوموں کی سانس ہوتی ہیں جب تک وہ قائم رہتی ہیں قوم زندہ رہتی ہے اور ترقی کرتی چلی جاتی ہے جب قربانیاں نہیں رہتیں تو قومیں بھی نہیں رہا کرتیں۔پس ان قربانیوں کے لئے جماعت کی ایسے رنگ میں تربیت کرنا کہ وہ ماحول پیدا ہو جائے جو قربانیاں کرنے کے لئے ضروری ہوتا ہے۔“

ان مقاصد کے حصول کے لئے ضرورت تھی آدمیوں کی، روپے کی، عزم واستقلال کی اور دعاؤں کی اس کے لئے حضرت مصلح موعودؓ نے تحریک جدید کی سکیم پیش کی جس میں آپ نے احبابِ جماعت سے مختلف اوقات میں مختلف مطالبات کئے۔انہی چیزوں کے مجموعہ کا نام تحریک جدید ہے۔یہ ایک ضابطہ حیات ہے۔تحریک جدید دراصل قربانی ہی کا دوسرا نام ہے۔

حضرت مصلح موعودؓ تحریک جدید کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''تمام لوگوں تک پہنچنے کے لئے ہمیں آدمیوں کی ضرورت ہے۔ہمیں روپے کی ضرورت ہے،ہمیں عزم واستقلال کی ضرورت ہے اور ہمیں ان دعاؤں کی ضرورت ہے جو خُدا تعالیٰ کے عرش کو ہلا دیں۔تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے اس کے ذریعہ ہمارے پاس ایسی رقم جمع ہو جائے۔جس سے خُدا تعالیٰ کے نام کو دنیا کے کناروں تک آسانی اور سہولت سے پہنچا دیا جائے،اس کے ذریعہ ایسے افراد میسر آجائیں جو اپنے آپ کو خُدا تعالیٰ کے دین کی اشاعت کے لئے وقف کردیں اور اس کام میں لگا دیں۔تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے تاکہ وہ عزم و استقلال ہماری جماعت میں پیدا ہو، جو کام کرنے والی جماعتوں کے اندر پایا جانا ضروری ہوتا ہے تو تحریک جدید سے میری غرض جماعت میں صرف سادہ زندگی کی عادت پیدا کرنا نہیں بلکہ میری غرض انہیں قربانیوں کے تنور کے پاس کھڑا کرنا ہے۔'' (جماعت احمدیہ کا تعارف،صفحہ:358)

''یادرکھو تحریک جدید اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ایسا موقع نہ سینکڑوں سال پہلے کسی کو ملا نہ آئندہ ملے گا''

(مصباح رسالہ نومبر 2011ء : الفضل 17 دسمبر 1945ء)

'' خُدا تعالیٰ نے تمہارے اندر ایسی روح پیدا کردی ہے کہ تم نے بہر حال بڑھنا ہے چاہے تمہارا ارادہ اور عزم ساتھ شامل ہوں یا نہ ہوں۔پھر جس طرح یہ نہیں ہوسکتا کہ 5،6 سال کے بچے کا لباس 8،9 سال کی عمر کو پورا آسکے اسی طرح یہ بھی نہیں ہوسکتا کہ تمہارا پچھلے سال کا چندہ اگلے سال کے لئے کافی ہو جب تک تم پہلے سے زیادہ قربانی نہیں کروگے،جب تک تم اپنے چندے کو پہلے سالوں سے زیادہ نہیں بڑھاؤ گے جب تک تم چندہ دینے والوں کی تعداد ہر سال بڑھاتے نہیں جاؤ گے تمہارا لباس تمارے جسم پر بے جوڑ معلوم ہوگا۔اگر تمہاری شہرت کے مقابلہ میں تمہارا کام اور تمہارا چندہ کم ہو تو سب دیکھنے والوں کو تمہارا یہ عیب نظر آئے گا تمہارا کام آج ہر قوم کے سامنے ہے۔''

(مصباح رسالہ نومبر 2011ء : الفضل 11 دسمبر 1954ء)

''اگر تم خُدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کروگے تو خُدا تعالیٰ تمہیں اور دے گا۔اگر کوئی شخص مالی لحاظ سے یا ایمان کے لحاظ سے کمزور بھی ہو تو اسے چاہئے کہ بناوٹ سے ہی چلتا جائے۔روحانی طور پر یہ زمانہ تمہارے لئے اس قدر مبارک ہے اگر تم دعائیں کرتے رہو کہ تم بوڑھے نہ ہو تو تمہاری جوانی کا زمانہ ہمیشہ قائم رہے گا روحانی جوانی کو تم سینکڑوں لاکھوں بلکہ کروڑوں سال تک بھی قائم رکھ سکتے ہو اس کا نمونہ موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے! اگلے جہان میں جو جنت ملے گی اس میں کوئی بوڑھا نہیں ہوگا یہ اس بات کا ثبوت ہے اگر کوئی قوم جوان رہنا چاہتی ہے تو اس پر بڑھاپا نہیں آتا پس اگر تم جوان رہنا چاہتے ہو تو تمہیں ہر روز اپنی قربانی بڑھانی پڑے گی اگر ایسا کرتے ہوئے تمہیں بشاشت محسوس نہیں ہوتی تو خُدا تعالیٰ کی خاطر بناوٹ کے طور پر اپنی قربانی بڑھاؤ ایسا کرنے سے اگلے سال تمہیں سچے دل سے خُدا کی خاطر قربانی کرنے کی توفیق مل جائے گی۔'' (مصباح رسالہ نومبر 2011ء : 11 دسمبر 1954ء الفضل)

''مبارک ہیں وہ جو اس تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں کیونکہ ان کا نام ادب واحترام سے دینِ حق کی تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہے گا اور خُدا تعالیٰ کے دربار میں یہ لوگ عزت کا مقام پائیں گے'' (مصباح رسالہ نومبر 2011ء : الفضل 30 نومبر 1939ء)

تحریک جدید کے فیوض وبرکات:

قربانی کے ہر میدان میں نئے ریکارڈ قائم کئے گئے۔حضور نے ساڑھے ستائیس ہزار کا مطالبہ کیا تھا۔جماعت نے لاکھوں پیش کردئے۔حضورؓ نے واقفینِ زندگی کا مطالبہ کیا جماعت کے پڑھے لکھے افراد نے اپنی زندگیاں وقف کیں۔احمدی ماؤں نے اپنے اکلوتے بچوں کو خدا کی راہ

میں پیش کر دیا۔ حضور نے سادہ زندگی گزارنے کی تلقین فرمائی۔ جماعت حضور کی توقعات پر پوری اتری اور سادہ زندگی کی وجہ سے اخراجات کم کر کے بلکہ اپنے پیٹ کاٹ کر اپنے اموال خدا کی راہ میں پیش کر دئے۔ امانت فنڈ کے مطالبہ کو حضور کی توقع سے بڑھ کر پورا کیا تبلیغ کے میدان کو وسیع کرنے کا مطالبہ کیا تھا جماعت نے دیوانہ وار اس کام کو شروع کیا۔ اس دور میں تحریکِ جدید کے تحت مبلغ جاپان، سماٹرا، جاوا، سپین، اٹلی، ہنگری، پولینڈ، البانیہ، یوگوسلاویہ، امریکہ، اور افریقہ کے بعض ساحلوں پر بھی گئے۔ اور ان مبلغین کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہزاروں لوگ سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔

تحریکِ جدید کی تحریک 1934 میں حضرت مصلح موعودؓ نے فرمائی تھی اسکے ساتھ خدا کا یہ سلوک تھا کہ تحریکِ جدید نے جو کچھ بھی خدا کی راہ میں خرچ کیا ہر آئندہ سال اسے بہت بڑھ کر خدا تعالیٰ نے پھر سے عطا کر دیا اور یہ سلسلہ حیرت انگیز طور پر آگے بڑھ رہا ہے۔ اگر ان غریب قادیان والوں نے اور ہندوستان کی غریب جماعتوں نے بکریاں بیچ بیچ کر اور مہینوں روپے دو روپے اکٹھے کر کے تحریکِ جدید کے چندے نہ دئے ہوتے تو آج کڑوروں تک بجٹ نہیں پہنچ سکتا تھا۔ جتنے چندے آج یورپ، امریکہ، افریقہ اور دیگر جماعتوں میں نظر آرہے ہیں یہ سارے تحریکِ جدید کے ان چندوں کی برکتیں ہیں جو آغاز میں دئے گئے اور بڑی خاص دعاؤں کے ساتھ دئے گئے تھے۔ ان چندوں میں حضرت مسیحِ موعودؑ کے صحابہؓ شامل تھے، اوّل درجہ کے تابعین شامل تھے اور مہاجرین الی اللہ شامل تھے۔

تحریکِ جدید میں حصہ لینے والوں کی ایمان افروز واقعات:

ایک بزرگ مخلص احمدی اپنے ایمان و اخلاص کا والہانہ انداز میں اظہار کرتے ہیں کہ سیدی! میں چندہ میں اضافہ کرتا ہوں میرا مولا میری آمدنی میں اضافہ کرتا ہے اور میرے مال اور اولاد میں برکت بخشتا ہے۔ چندہ میں نہیں دیتا میرا خالق و مالک دیتا ہے میں بس منی آرڈر کر دیتا ہوں میں نے قرض بھی دینا تھا ان سالوں میں وہ بھی اتر گیا مکان کچے تھے پختہ ہو گئے۔ میں تو سمجھتا ہوں تحریکِ جدید کا چندہ اکسیر ہے کیمیا گری ہے۔

حضرت مصلح موعودؓ اخلاص کی ایک عجیب ادا کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

آج ہی باہر سے ایک خط آیا۔ وہ شخص معمولی ملازم یعنی ڈاکیا ہے اس نے لکھا ہے کہ تراجمِ قرآنِ کریم کی تحریک میں قرآنِ کریم کا ایک زبان میں ترجمہ اور اس کی چھپوائی کا خرچ اٹھائیس ہزار روپے دینے کی تو مجھے توفیق نہیں مگر خدا تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالا کہ اور کچھ نہیں تو ہمت کر کے اٹھائیس ہزار پائیاں اس مد میں ادا کر دوں۔ حضورؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حساب کیا ہے اٹھائیس ہزار پائیاں اس کی نو ماہ کی تنخواہ بنتی ہے۔ یہ ایک مثال ہے جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے اس کو توفیق دے دی اور اس کے ذہن میں ایک خیال پیدا کر دیا کہ اس پر عمل کر کے میں ثواب حاصل کروں۔

"دارالسلام تنزانیہ کے ایک احمدی دوست عیسیٰ صاحب بیان کرتے ہیں کہ: جب سے مَیں نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربانی شروع کی ہے، اللہ تعالیٰ کے بہت سے افضال اپنے اوپر نازل ہوتے دیکھے ہیں۔ اتنی برکات نازل ہوئی ہیں کہ جو بے شمار ہیں۔ مثال کے طور پر کہتے ہیں کہ خاکسار کا پہلے ایک گھر تھا۔ لیکن اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے تین گھروں کا مالک ہوں۔ میری اولاد بھی بہترین جگہ پر تعلیم حاصل کر رہی ہے۔

کیرالہ انڈیا کے مربی صاحب لکھتے ہیں کہ: ایک جماعت کے ایثار پیشہ مخلص دوست نے گزشتہ سال اپنا تحریک جدید کا چندہ دوگنا اضافے کے ساتھ ادا کیا اور بفضل تعالیٰ امسال بھی غیر معمولی اضافے کے ساتھ ادائیگی کی ہے۔ موصوف نے بتایا کہ انہوں نے سات سال قبل تیس ہزار روپے کے سرمائے اور صرف تین مزدوروں کے ساتھ کے کام شروع کیا تھا جبکہ اِس وقت اللہ تعالیٰ کے فضل سے میری انڈیا، دبئی اور انڈونیشیا

میں ''روبر لکڑی کے فرنیچر'' کی آٹھ فیکٹریاں ہیں جن میں پانچ سو سے زائد کاریگر کام کرتے ہیں۔ یہ ترقی جو آپ دیکھ رہے ہیں یہ محض چندوں کی باوقت ادائیگی کی برکت سے ہے۔ موصوف کہتے ہیں کہ مَیں جب بھی چندہ ادا کرتا ہوں خدا تعالیٰ مجھے شام تک اس سے کہیں زیادہ عطا کر دیتا ہے اور مالی تنگی کا سوال ہی نہیں کہ کبھی میں نے محسوس کی ہو۔'' (الفضل انٹرنیشنل 28 نومبر 2014ء تا 04 دسمبر 2014ء)

تحریک جدید کے تحت ہونے والے کام:

خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ نے جون 1970 میں تحریکِ جدید کے تحت نصرت جہاں آگے بڑھو پروگرام کا اجراء کیا۔

اس طرح چار خلافتوں میں تیرہ ممالک میں 64 اسپتال قائم ہوئے۔ سکولز قائم کئے گئے افریقن ممالک میں بہت سے منصوبوں پر کام ہو رہا ہے جس میں صاف پینے کے پانی ، سر چھپانے کے لئے سستے گھر اور بجلی کی روشنی کے پراجیکٹس شامل ہیں جس میں بجلی کے ساتھ

ساتھ MTA کی ٹرانسمیشن بھی ہے تا کہ لوگ حضرت مسیحِ موعودؑ کا پیغام سن سکیں اور اس سے مستفید ہو سکیں 10 ممالک کے 150 گاؤں میں بجلی کا سسٹم لگایا جا چکا ہے۔ صاف پینے کے پانی پر 8 ملکوں میں 553 صاف پانی کے پمپس کا انتظام کیا گیا ہے۔ پہلا ماڈل ولج برکینا فاسو میں مہدی آباد کے نام سے بنایا جا رہا ہے۔

12 ملکوں میں **38** اسپتال اور **341** اسکول کام کر رہے ہیں۔ سال 2012 میں افریقہ کے انیس ممالک میں 99 مساجد تعمیر ہوئی ہیں جن میں سے 65 مساجد کا خرچ مرکز نے دیا ہے۔ اس کے علاوہ ممالک ہیں جن میں 26 مساجد اور 70 مشن ہاؤس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ آئرلینڈ کی مسجد میں نصف حصہ مرکز نے ادا کیا ہے۔ سپین میں ویلنشیاء میں جو مسجد بنی ہے اس کا اسی فیصد مرکز نے ادا کیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بنگلہ دیش میں دو انڈیا میں 40 فلپائن میں ایک نیپال میں تین گوئٹے مالا اور مارشل آئرلینڈ میں بھی مرکز نے خرچ کیا ہے۔

ان ملکوں کی تعداد 71 ہے جن میں 421 مربیان اور 2006 مقامی معلمین ہیں جن میں مرکز سے گرانٹ جا رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 350 سٹوڈنٹس ایسے ہیں جو اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہین جن کا خرچ جماعت برداشت کر رہی ہے۔ اور یہ تعداد صرف ان سٹوڈنٹس کی ہے جو ایم ایس سی یا پی ایچ ڈی وغیرہ کر رہے ہیں۔

تحریک جدید کے ادوار

تحریک جدید کا آغاز 1934 میں ہوا۔ شروع میں یہ تحریک عارضی تھی لیکن جب 10 سال کا عرصہ گزرا۔ تو آپ نے اس کے کام کی نوعیت اور اس کی اہمیت کے پیش نظر اس کو مزید آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا اور پہلے دفتر کا دور 10 سال کا تھا اور اس کے بعد 19 سال کا دور ہے۔ دفتر اول میں شامل ہونے والوں کو پانچ ہزاری مجاہدین کا نام دیا۔

دفتر اول: **1934-1945**

دفتر دوئم: **1944-1965**

دفتر سوئم: **1965-1985**

دفتر چہارم: **1985-2004**

دفتر پنجم: **2004** سے دفتر پنجم کا اجراء خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔ کہ **2004** سے شامل ہونے والے مجاہدین کا شمار اس دفتر سے ہوگا۔

پس یہ سارے کام جماعت کی ترقی کے لئے ہیں، انسانیت کی خدمت کے لئے ہیں، دنیا کو دین کی تعلیم سے روشناس کرانے کے لئے ہیں۔ یہ سب ایسے کام ہیں جن میں ہم براہِ راست شامل نہیں ہو رہے۔ لیکن چندوں کی ادائیگیوں کی صورت میں شامل ہو رہے ہیں اور اس کا حصہ بن کر اللہ تعالیٰ کے ہاں اجر پانے والے لوگوں میں شامل ہو رہے ہیں۔

+ + + + + + +

وقفِ جدید

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ایک خواہش کی تکمیل

درِدانہ نور مجلس ننید ال

وقفِ جدید کا پس منظر تو وہ تربیتی کمزوری اور اخلاقی انحطاط ہے جس کی رفتار تقسیمِ پاک و ہند کے بعد کئی وجوہ سے خطرناک حد تک بڑھ گئی تھی۔ حضرت اقدس المصلح موعودؓ نے اپنی خداداد فراست سے اس خطرے کو بڑی شدت سے محسوس فرمایا۔ جس کی اگر بروقت روک تھام نہ کی جاتی تو یہ ایک ایسی شکل اختیار کر سکتا تھا کہ جو قابو سے باہر ہو جاتی۔ اور پیشتر اس کے کہ ہم اسلام کو غیر ملکوں اور غیر مذاہب میں پھیلانے میں کامیاب ہوتے یہ خطرہ تھا کہ خدانخواستہ ہم خود از سرِ نو ہدایت کے محتاج ہو چکے ہوتے۔ ایسی صورت میں وہ لوگ جنہیں ہم ہدایت کی طرف بلانے جاتے ہمارے پیغام کو ٹھکرا کر بڑی حقارت سے ہمیں یہ کہہ سکتے تھے کہ ''اے طبیب خود اپنا علاج کر''

دوسرا پس منظر اس فوری اور اشد ضرورت سے بہت قبل کا ہے وہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ایک خواہش سے تعلق رکھتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام وقفِ جدید ہی کی قسم کا نظام برِصغیر پاک و ہند میں جاری فرمانا چاہتے تھے چنانچہ فرماتے ہیں۔

''اس عاجز کا ارادہ ہے کہ اشاعتِ دینِ اسلام کے لئے ایک احسن انتظام کیا جائے کہ ممالکِ ہند میں ہر جگہ ہماری طرف سے واعظ و منظر مقرر ہوں اور بندگانِ خدا کو دعوتِ حق کریں تا کہ حجتِ اسلام تمام روئے زمین پر پوری ہو۔ لیکن ضعف و قلت کی حالت میں ابھی یہ ارادہ کامل طور پر انجام پذیر نہیں ہو سکتا۔'' (سوانح فضلِ عمر جلد سوم صفحہ: 349)

اس پہلو سے دیکھا جائے تو یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ وقفِ جدید حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کی ایک خواہش کو پورا کرنے کی غرض سے جاری کی گئی۔ یہ کون نہیں جانتا کہ انبیاء کی خواہش ایک عام انسان کی خواہش کی طرح نہیں ہوتی بلکہ ان کے دل کے میلانات اور آرزوئیں اللہ تعالیٰ کے منشاء کے مطابق اور باریک در باریک حکمتوں پر مبنی ہوتے ہیں۔ پس ایک طرف اس خواہش کا اسی برس قبل حضرت مسیحِ موعودؑ کے دل میں پیدا ہونا اور دوسری طرف ہماری آنکھوں کے سامنے وہ حالات پیدا ہو جانا جو بڑی شدت سے نظامِ وقفِ جدید کا تقاضہ کر رہے تھے اس تحریک کا پس منظر بتاتے ہیں۔

''اللہ تعالیٰ حضرت مصلح موعودؓ پر بے شمار رحمتیں نازل فرمائے کہ حضرت مسیحِ موعودؑ کی تمام خواہشات آپ کے زمانہ میں پوری ہوئیں یا ان کی بنیادیں رکھی گئیں۔ وقفِ جدید کی بنیاد بھی اللہ تعالیٰ کے منشاء کے مطابق آپ ہی کے ہاتھوں رکھی جانی مقدر تھی چنانچہ 1958 میں عید الاضحیٰ کے موقع پر آپ نے وقفِ جدید انجمن احمدیہ کے قیام کا اعلان فرمایا۔'' (سوانح فضلِ عمر جلد سوم صفحہ: 350)

وقفِ جدید کے قیام کا بنیادی مقصد دیہاتی جماعتوں کی تربیت و اصلاح ہے۔ جس طرح احمدیت اسلام کی احیائے نو کی تحریک ہے اسی طرح محدود پیمانے پر وقفِ جدید احمدیت کی احیائے نو کی ایک تحریک ہے۔ جس کے زیرِ انتظام دیہاتی علاقوں میں احمدیوں کے مذہبی، روحانی اور اخلاقی اقدار کو اسلامی معیار کے مطابق بلند تر کرتے چلے جانے کا عظیم الشان کام سرانجام دینا ہے۔ ان کی نگرانی اور تعلیم و تربیت کا ایسا عمدہ اور مستقل انتظام کیا جائے کہ ان میں روحانی زندگی کو نہ صرف برقرار رکھنے کی اہلیت پیدا ہو جائے بلکہ اس زندگی میں نمو اور افزائش بھی ہو اور دیہات میں بسنے والی حضرت مسیحِ موعودؑ کی روحانی اولاد ایسے ہرے بھرے شاداب باغوں کی طرح ہو جائے۔

اس مقصد کے حصول کی راہ میں دو بڑی مشکلات حائل تھیں ۔اول واقفینِ زندگی کی کمی اور دوسرے مالی تنگی ۔
حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں: ''کہ اللہ تعالیٰ پر ہی نگاہ ہے کہ وہ اپنے خاص فضل سے فرشتوں کو اتارے وہ احباب کے قلوب کو اس اہم تحریک کی طرف مائل کریں اور ان کی قربانی کے جذبے کو فروغ دیں۔تاہم ایک بار پھر حضرت مسیحِ موعودؑ کے اس الہام کو اپنی آنکھوں سے پورا ہوتے ہوئے دیکھیں کہ **يَنصرك رجال نوحي اليهم من السمآء** کہ ایسے مردانہ صفت انسان تیری مدد کریں گے جن پر ہم آسمان سے وحی نازل کریں گے کہ اٹھو اور میرے بندے کی نصرت کے لئے آگے بڑھو!'' (سوانحِ فضلِ عمر جلد سوم صفحہ:352)

پس وقفِ جدید کو اگر آج حقیقی اسلام یعنی احمدیت کی خدمت کی توفیق مل رہی ہے تو کسی انسانی کوشش یا تدبیر کا نتیجہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کا چھینٹا ہے اس تائیدِ آسمانی کی ایک جھلک ہے جو حضرت مصلح موعودؓ کی جاری کردہ تمام نیک تحریکات کو حاصل تھی اور ہے اور رہے گی۔یہ آسمانی پانی کا کرشمہ ہے کہ آج ہم محمد عربی ﷺ کی ان کھیتیوں کو جنہیں حضرت مسیحِ موعودؑ نے اپنے آنسوؤں بلکہ اپنے خون سے سینچا تھا پھر سے ہرا بھرا ہوتے اور لہلہاتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔اور ایک ایسا روحانی انقلاب برپا ہو رہا ہے جس کی ترجمانی حضرت مسیحِ موعودؑ کے اس شعر سے ہوتی ہے۔

بہار آئی ہے اس وقت خزاں میں　　کھلے ہیں پھول میرے بوستاں میں　　(از درِّ ثمین)

''پس اے مخلصین جماعت! کہ جن کی مالی اور جانی قربانیاں اپنے رب کے حضور مقبول ہو رہی ہیں۔کچھ اور آگے قدم بڑھاؤ اور ان قربانیوں کی رفتار تیز تر کر دو اگر اپنی جانیں پیش کرنے کی ہمت اور توفیق پاتے ہو تو خلوص کی طشتریوں میں سجا کر اپنی جانیں رب العزت کے حضور پیش کرو تا کہ ان واقفینِ زندگی کی صف میں شمار کئے جاؤ جن کے نام تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔اور جن کے کاموں کو ابدالآباد مرنے نہیں دیا جائے گا۔لیکن اگر ابھی اتنی ہمت اور توفیق نہیں پاتے تو مالی قربانی کے میدان میں قدم مارو اور خدا تعالیٰ کی راہ میں اعلانیہ بھی مال نچھاور کرو اور خفیہ بھی۔لاکھوں پر خوش نہ ہو کہ تمہاری توفیق اور استطاعت کے ساتھ ضرورتِ دینیہ بھی بڑھتی جاتی ہے۔آج دینِ اسلام کو اپنی اشاعت کے لئے لاکھوں نہیں کڑوروں نہیں بلکہ اربوں کی ضرورت ہے۔آج ضرورت ہے لاکھوں ایسے فدائیانِ اسلام کی جن کا دنیا کمانے سے مقصد سوائے اس کے کچھ اور نہ ہو کہ وہ اپنے اموال کو دین اور بنی نوع انسان کی خدمت میں ایک دوسرے سے بڑھ بڑھ کر خرچ کریں۔آج ضرورت ہے کہ ہم میں وہ نور الدینؓ پیدا ہوں جو اپنی جانی و مالی قربانی میں صدیقیت کے نمونے پیچھے چھوڑ گئے اور امامِ وقت کے حضور یوں کمالِ فدائیت کے ساتھ اپنا سب کچھ پیش کر دیا اور فرمایا: ''اگر اجازت ہو تو نوکری سے استعفیٰ دے دوں اور دن رات خدمتِ عالی میں پڑا رہوں یا اگر حکم ہو تو اس تعلق کو چھوڑ کر دنیا میں پھروں اور لوگوں کو دینِ حق کی طرف بلاؤں اور اسی راہ میں جان دے دوں۔میں آپ پر قربان ہوں میرا جو کچھ ہے میرا نہیں آپ کا ہے۔حضرت پیر و مرشد! میں کمال راستی سے عرض کرتا ہوں کہ میرا سارا مال و دولت اگر دینی اشاعت میں خرچ ہو گیا تو میں مراد کو پہنچ گیا۔مجھے آپ سے نسبتِ فاروقی ہے اور سب کچھ اس راہ میں فدا کرنے کیلئے تیار ہوں۔دعا فرماویں میری موت صدیقیت کی موت ہو۔'' (سوانحِ فضلِ عمر جلد سوم صفحہ:359-358)

پس اے مخلصینِ جماعت آپ ہی تو وہ گروہ ہیں جنہیں مل جل کر دینِ اسلام کے سب بوجھ اٹھانے کی خدمت سونپی گئی جنہیں یہ عظیم الشان سعادت نصیب ہوئی۔پس اس راہ میں تھکیں نہ ماندہ ہوں بلکہ اپنی خوش قسمتی اور سعادت سمجھتے ہوئے دینِ اسلام کی خدمت سے حصہ پائیں۔

اہمیت و عظمت: حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کی باقاعدہ جماعتی اور دینی خدمات کا آغاز تحریک وقفِ جدید کی مجلس کے پہلے ممبر کی حیثیت

سے ہوا۔آپ کو لمبا عرصہ وقفِ جدید میں خدمات بجالانے کی توفیق ملی۔آپ نے اس تحریک کی روحانی، اخلاقی، معاشرتی اثرات و برکات کے پیش نظر دسمبر 1985 میں اسے ساری دنیا میں پھیلا دیا۔اور خدا تعالیٰ کی رحمت کے دروازے دنیا بھر کے تمام احمدیوں کے لئے کھول دیے۔ اس تحریک کے حوالے سے چندہ بڑھا کر دینے کی برکت کی ایک مثال پیش کرتی ہوں۔

'' محترمہ ذکیہ مظفر دار العلوم شرقی ربوہ کہتی ہیں کہ چندہ وقفِ جدید بڑھانے کی تحریک پر میں نے ایک ہزار کا اضافہ کر دیا۔جبکہ میری ساتھی ٹیچر نے پانچ سو کا اضافہ کیا۔ہم دونوں کا ایک ہی گریڈ تھا اور ایک جتنی ہی تنخواہ تھی۔کچھ عرصہ بعد میری تنخواہ میں پانچ سو کا اضافہ ہو گیا اور ریٹائرڈ منٹ تک اس ساتھی ٹیچر سے میری تنخواہ پانچ سو روپے زائد ہی رہی۔سوچا کرتی تھی کہ یہ وہ پانچ سو ہیں جو میں نے ایک بار اپنی ساتھی ٹیچر سے زائد اللہ کی راہ میں پیش کئے تھے۔'' (روزنامہ الفضل 15 نومبر 2002ء صفحہ:5)

سیدنا حضرت مصلح موعودؓ نے مختلف موقعوں پر مختلف معیاروں کو اختیار کرنے کی ہدایات دیتے ہوئے فرمایا تھا۔اگر کوئی شخص اپنی ایک ماہ کی آمد کا نصف دے دیتا ہے مثلاً اسکی سو روپیہ ماہوار آمد ہے تو وہ پچاس روپیہ وعدہ لکھوادے تو سمجھا جائے گا کہ اس نے اچھی قربانی کی ہے اور اگر ایک ماہ کی پوری آمد یعنی سو روپے ہی بطور وعدہ لکھوادے تو ہم سمجھیں گے کہ اس نے تکلیف اٹھا کر قربانی کی ہے۔

ہدایات بابت چندہ

= کوشش کی جائے کہ کوئی فردِ جماعت مرد، عورت، جوان، بوڑھا یا بچہ ان پاک تحریکات میں شامل ہونے سے رہ نہ جائے۔

= نو مبائعین کو بھی اس مقدس سکیم میں شامل کیا جائے۔

= خاندان کا سر پرست اس امر کو یقینی بنائے کہ گھر کا کوئی فرد اس سکیم میں شامل ہونے سے محروم نہ رہے حتّٰی کہ نئے پیدا ہونے والے بچے کی طرف سے بھی چندہ ادا کیا جائے۔

= نئے کمانے والے جو پہلے اپنے والدین کے زیر کفالت تھے، برسر روزگار ہونے کے بعد ان سے ان کی آمد کے مطابق وعدے لئے جائیں۔

= وہ وفات شدگان جو خدا تعالیٰ کے فضل سے اس سکیم میں حصہ لے رہے تھے، ان کے عزیز و اقارب کو ان کی مالی قربانی جاری رکھنے کی طرف توجہ دلائی جائے۔

= ہر طرح سے کوشش کی جائے کہ کوئی بھی فرد جماعت ان بابرکت تحریکات میں حصہ لینے سے محروم نہ رہے تا وہ خدا تعالیٰ کی برکات و افضال سے حصہ پانے والا ہو۔

حدیث نبوی ﷺ ہے کہ '' حضرت محمد ﷺ نے حضرت اسماءؓ بنتِ ابی بکرؓ کو نصیحت فرمائی کہ اللہ کی راہ میں گن گن کر خرچ نہ کیا کرو۔ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں گن گن کر ہی دیا کرے گا۔اپنے روپوں کی تھیلی کا منہ بخل کی وجہ سے بند کر کے نہ بیٹھ جانا ورنہ پھر اس کا منہ بند ہی رکھا جائے گا۔جتنی طاقت ہے دل کھول کر اللہ کی راہ میں خرچ کیا کرو۔'' (صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ) (مالی قربانی، صفحہ:12)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں دل کھول کر ان تحریکات میں حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے اور اپنے فضلوں کا وارث بنائے۔آمین

وقفِ جدید کی اہمیت و برکات

نسیم اختر   مجلس بیت النصر اوّل

تقسیم ہندوستان کے بعد لاکھوں خاندانوں کو اپنا گھر بار عزیز رشتہ داروں اور برادری کو چھوڑ کر ہجرت کر کے پاکستان آنا پڑا۔ یہاں رہائش پذیر ہونے اور اپنے آپ کو اس ماحول میں ڈھالنے کے لئے بہت سے مسائل کا سامنا تھا جس میں ایک بنیادی مسئلہ تعلیم و تربیت تھا۔ اس ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے احمدیوں کو مذہبی، روحانی اور اخلاقی اقدار کو دینِ حق کے معیار کے مطابق بلند کرتے چلے جانے کی سکیم کو حضرت مصلح موعودؓ نے وقفِ جدید کے نام سے جاری فرمایا۔

جن علاقوں میں تعلیم کی کمی یا مرکز کی آنکھ سے اوجھل ہونے کے باعث مرورِ زمانہ کا شکار ہونے کا زیادہ خطرہ تھا۔ ان کی نگرانی اور تعلیم و تربیت کے لئے عمدہ اور مستقل انتظام کی ضرورت تھی جس میں ان کی روحانی زندگی نہ صرف برقرار رکھنے کی اہلیت پیدا ہو بلکہ اس زندگی میں نمو اور افزائش بھی ہو۔ حضرت مسیح موعودؑ کی روحانی اولاد ایسے ہرے بھرے شاداب باغوں کی طرح ہو جائے جو دیکھنے والوں کو خوش کرتی ہے اور فرحت دیتی ہے۔

حضرت مصلح موعودؓ نے القائے الٰہی کے تحت جماعت کی رُشد و اصلاح اور دعوت الی اللہ کی غرض سے 27 دسمبر 1957ء کو اس سکیم کو وقفِ جدید کے نام سے جماعت کے سامنے پیش کیا۔ **وقفِ جدید کی تحریک حضرت مصلح موعودؓ کی عہدِ مبارک کی آخری یادگار الٰہی تحریک تھی اور آپ کے کارہائے نمایاں میں سے ایک عظیم الشان تحریک ہے جو رہتی دُنیا تک قائم رہے گی اور یہ انقلاب انگیز تحریک حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مقاصدِ عالیہ کی ایک اہم اور مبارک کڑی ہے۔**

حضرت مصلح موعودؓ نے اس مبارک تحریک کے بنیادی مقاصد بیان کرتے ہوئے فرمایا:

''میں جماعت کے دوستوں کو ایک بار پھر اس (وقفِ جدید) کی طرف توجہ دلاتا ہوں کہ ہماری جماعت کو یاد رکھنا چاہئے کہ اگر وہ ترقی کرنا چاہتی ہے تو اس کو اس قسم کے وقف جاری رکھنے پڑیں گے اور چاروں طرف رُشد و اصلاح کا جال پھیلانا پڑے گا اب وہ زمانہ نہیں رہا کہ ایک مربی ایک ضلع میں مقرر ہو گیا اور پھر وہ دورہ کرتا ہوا ہر ایک جگہ گھنٹہ گھنٹہ دو دو گھنٹہ ٹھہرتا ہوا سارے ضلع میں پھر گیا۔ اب وہ زمانہ آ گیا ہے کہ ہمارے مربی کو ہر گھر اور ہر جھونپڑے تک پہنچنا پڑے گا اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب میری اس نئی سکیم (وقف جدید) پر عمل کیا جائے۔

حضورؓ نے مزید فرمایا:

کانٹوں کنڈیوں سے ایک ایک مچھلی گھنٹوں انتظار و صبر کے بعد پکڑنے کا زمانہ گزر گیا ہے اب سمندر میں مہا جال ڈالنے کا وقت آ پہنچا ہے اب ہمیں سمندر میں مہا جال ڈالنا ہے۔ وقفِ جدید کی تحریک ہی وہ مہا جال ہے۔ '' (خطبہ جمعہ 7 جنوری 1958ء)

اس تحریک کی اہمیت اور کامیابی کے لئے حضرت مصلح موعودؓ کے دل میں بے حد جوش اور لگن تھی اس کا اندازہ آپؓ کے درج ذیل ارشاد سے لگایا جا سکتا ہے۔

آپ فرماتے ہیں: یہ کام خُدا تعالیٰ کا ہے اور ضرور پورا ہو کر رہے گا میرے دل میں چونکہ خُدا تعالیٰ نے یہ تحریک ڈالی ہے اس لئے خواہ مجھے اپنے مکان بیچنے پڑیں، کپڑے بیچنے پڑیں میں اس فرض کو تب بھی پورا کروں گا اگر جماعت کا ایک فرد بھی میرا ساتھ نہ دے تو خُدا تعالیٰ ان لوگوں کو

الگ کردے گا جو میرا ساتھ نہیں دے رہے اور میری مدد کے لئے فرشتے آسمان سے اُتارے گا پس میں اتمامِ حجت کے لئے ایک بار پھر اعلان کرتا ہوں تا کہ مالی امداد کی طرف بھی لوگوں کی توجہ ہو اور وقف کی طرف بھی لوگوں کو توجہ ہو۔''

(کتاب مالی قربانی : پیغام حضرت مصلح موعود الفضل 7 جنوری 1958)

وقفِ جدید دو اجزاء پر مشتمل تھی۔

(۱) واقفین زندگی اور معلمین کے ذریعہ دعوت الی اللہ کا نظام۔ (۲) مالی قربانی کا نظام۔

1958ء میں حضورؓ نے جلسہ سالانہ پر وقفِ جدید کی خوش کُن کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: اس سال 90 معلم وقفِ جدید کا کام کر رہے ہیں اور ستر ہزار کے وعدے جماعت کی طرف سے آئے ہیں اور اس تحریک کی معرفت 400 بیعتیں آئی ہیں۔ اصلاح وارشاد کی معرفت 154 افراد سلسلہ میں داخل ہوئے۔ اگر جماعت چندہ بڑھائے تو ہم بیماریوں کو دور کرنے میں ملک کی مدد کر سکتے ہیں کیونکہ وقفِ جدید کے معلم تعلیم کے ساتھ ساتھ علاج معالجہ بھی کرتے ہیں۔ (زینب جولائی تا ستمبر 2009ء : الفضل 25 جنوری 1959ء)

خلافتِ ثانیہ کے اختتام تک 71 معلمین کام کر رہے تھے جن کے ذریعہ 64 مراکز میں اصلاح وارشاد کی سکیم چلائی جا رہی تھی۔ ان معلمین کے ذریعہ 3827 افراد احمدیت میں داخل ہوئے اس کے لئے باقاعدہ مدرسہ قیامِ عمل میں لایا گیا جس کا نام مدرسۃ الظفر ہے۔ 1996ء میں عرصہ تعلیم 2 سال اور 2005ء میں 3 سال کر دیا گیا۔

آغاز میں یہ تحریک صرف پاکستانی اور بھارتی احمدیوں کے لئے تھی چنانچہ حضرت مصلح موعودؓ کی اس خواہش کی تکمیل میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے 27 دسمبر 1985ء کو وقفِ جدید کو عالمگیر تحریک بنا دیا اور آج ہم ساری دُنیا میں اس بابرکت تحریک کے اثرات دیکھ رہے ہیں۔

دُنیا کے ہر ملک میں یہ تحریک نفوذ کرتی چلی جارہی ہے۔ پاکستان کی سرزمین سے اُٹھنے والی آواز دُنیا کے ہر برِ اعظم میں اس کے مجاہدین پیدا کرتی چلی جارہی ہے کیا مالی قربانی اور کیا جانی قربانی، ہر قربانی کے میدان میں آگے سے آگے بڑھتی چلی جارہی ہے۔

وقفِ جدید کا سال یکم جنوری سے 31 دسمبر تک شمار کیا جاتا ہے اس چندے کی درج ذیل مدات ہیں۔

چندہ وقفِ جدید بالغاں اس کے دو حصے ہیں۔ ایک احبابِ جماعت اپنی استطاعت کے مطابق چندہ ادا کرتے ہیں اور دوسرے صفِ اول کے معاونین ایسے افراد جو ایک ہزار یا اس سے زائد سالانہ ادا کرتے ہیں۔ صفِ دوئم کے معاونین ایسے افراد جو 500 روپے سے 999 روپے تک سالانہ ادا کرتے ہیں۔

چندہ وقفِ جدید اطفال وناصرات حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے 7 اکتوبر 1966ء کو اس دفتر کا اعلان فرمایا۔ آپؒ نے 15 سال کے لڑکے اور لڑکیوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

میں آج بچوں سے اپیل کرتا ہوں کہ اے خُدا اور اس کے رسول کے بچو! اُٹھو اور آگے بڑھو اور تمارے بڑوں کی غفلت کے نتیجہ میں وقفِ جدید کے کاموں میں جو رخنہ پڑ گیا اُسے پُر کر دو اور اس کمزوری کو دور کر دو۔ وہ بچے جو سات سے پندرہ سال کے ہیں اگر وہ مہینہ میں ایک اٹھنی وقفِ جدید میں دیں تو جماعت کے سینکڑوں ہزاروں خاندان ایسے ہیں جن پر ان بچوں کی قربانی کے نتیجہ میں بار نہیں پڑے گا۔ اگر احمدی بچے اس پر 50 ہزار روپے پیش کر دیں تو وہ دُنیا میں ایک بہترین نمونہ قائم کرنے والے ہوں گے۔'' (الفضل 12 اکتوبر 1966)

جماعت کے بچوں اور بچیوں نے اپنے پیارے امام کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنے جیب خرچ اور عیدی حضور کو پیش کر دی۔

امدادِمرکز وقفِ جدید کے تحت ضلع تھرپارکر میں جہاں ہندوؤں کی ایک کثیر تعداد ہے وہاں داعی الی اللہ کے کام کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے 1978ء میں ایک خصوصی امداد مرکز کے نام سے قائم فرمائی جس کا بجٹ ایک لاکھ روپیہ فرمایا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 27 جنوری 2006ء میں وقفِ جدید کے نئے سال کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا:

''اب زمانہ ہے کہ ہر گاؤں میں ہر قصبہ میں، ہر شہر میں اور وہاں کی ہر (مسجد) میں ہمارا مربی اور معلم ہونا چاہئے اس کے لئے بہرحال جماعت کے افراد کو اپنی قربانیاں کرنی پڑیں گی کہ اپنے آپ کو اس کام کے لئے پیش کریں، وقف کریں اور یہ سب ایسے ہونے چاہیں کہ وہ تقویٰ کے اعلیٰ معیار پر بھی قائم ہوں آئندہ سالوں واقفینِ نو بھی میدانِ عمل میں آجائیں گے لیکن جوان کی تعداد ہے وہ بھی یہ ضرورت پوری نہیں کر سکتے۔ یہ کام وسیع طور پر ہمیں کرنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آدمیوں کی ضرورت بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے اللہ تعالیٰ تقویٰ پر چلنے والے معلمین ہمیں مہیا فرماتا رہے۔''

حضرت مصلح موعودؓ نے اس تحریک کے ذریعہ ہمارے لئے مسلسل نیکیاں کمانے کا دروازہ کھول دیا ہے جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے ایک موقع پر فرمایا: ''خُدا تعالیٰ کی رحمت کے بہت سے دروازوں میں سے ایک دروازہ جو ہم پر کھولا گیا ہے وہ وقفِ جدید کا دروازہ ہے، اس نظام کے ذریعہ حضرت مصلح موعودؓ نے ہمارے لئے نیکیاں کرنے اور رحمتیں کمانے کا سامان کر دیا ہے۔'' (خطبہ جمعہ 30 دسمبر 1966ء)

اللہ تعالیٰ ہمیں خلفائے کرام کی توقعات کے مطابق عمل کرنے کی توفیق دیتا چلا جائے۔ آمین

بقیہ دعائیہ اعلانات:

☆ محترمہ فرخندہ سرفراز اپنے شوہر کے نئے کاروبار میں کامیابی اور برکت کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ سعیدہ انور اپنے شوہر اور بچوں کی صحت کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ امتہ القیوم اپنے بچوں کی دینی اور دنیوی ترقی کے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ صادقہ روحی کی صحت اور تندرستی کے لیے دعا کی درخواست ہے۔

☆ محترمہ مریم امتیاز اپنے بڑے بیٹے کی شادی کے موقع پر دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ قراۃ العین اپنے شوہر کی صحت یابی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں اور بچوں کو نیک اور خادم دین بنائے۔ آمین

☆ محترمہ شگفتہ رحمان اپنی بھابھی مکرمہ فریدہ قدیر کے لیے جماعت سے عاجزانہ درخواست کرتی ہیں کہ خدا تعالیٰ انھیں اپنی جناب سے شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ آمین۔ نیز اپنے لئے اور بچوں کے لئے بھی دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ امتہ الرؤف اپنے بیٹے سید طارق شاہ کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں کہ خدا تعالیٰ اسے اپنی جناب سے کامل شفا عطا فرمائے۔ آمین

☆ محترمہ آمنہ وارث اپنے بچوں کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ فریحہ اظہر اپنے بچوں کے نیک، خادم دین اور ان کی لمبی عمر کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ خیر النساء اپنے بچوں کے نیک، خادم دین اور ان کی لمبی عمر کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ بلقیس اختر اپنی اور اپنے شوہر کی صحت و تندرستی اور بچوں کی امتحان میں اعلیٰ کامیابی کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

وقفِ جدید اور خدمتِ خلق

بلقیس اختر مجلس تھوئین

مخلوقِ خدا سے ہمدردی اور ان کی مصیبتوں پریشانیوں کو دور کرنا اور مدد کرنا جماعت احمدیہ کے بنیادی مقاصد میں سے ایک اہم مقصد ہے۔اس کے کئی طریقے ہیں مال کے ذریعے،علم کے ذریعے، ہنر کے ذریعے۔جماعت احمدیہ ہر طریقہ سے خدمتِ خلق میں مصروف ہے۔حضرت مسیح موعودعلیہ السلام نے جن شرائطِ بیعت پر عمل کرنا جماعت کے لوگوں کے لئے لازمی قرار دیا ان میں سے چوتھی شرط یہ ہے:''عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض للہ مشغول رہے گا اور جہاں تک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد صلاحیتوں اور نعمتوں سے بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچاتا رہے گا۔''

حضرت مفتی صادق صاحب روایت کرتے ہیں کہ حضرت مسیح موعودؑ فرمایا کرتے تھے کہ:''ہمارے بڑے اصول دو ہیں۔اول خدا کے ساتھ تعلق صاف رکھنا اور دوسرے اس کے بندوں کے ساتھ ہمدردی اور اخلاق سے پیش آنا'' (جماعت احمدیہ کا تعارف صفحہ:357)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ علیہ وقف جدید کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کا دل چاہتا تھا کہ خدا نے آپؑ سے جو پیاری پیاری باتیں کی تھیں،خدا جو راتوں کو آپؑ سے بولا کرتا تھا وہ ساری باتیں ساری دنیا میں اشاعت کرکے پھیلا دیں۔جیسے کسی کو ایک نعمت ملتی ہے **وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ** (الضحیٰ:۱۲) اس کے مطابق آپ کا دل بیقرار رہا کرتا تھا لیکن پیسے نہیں تھے، بے سروسامانی کی حالت تھی اور حضورؑ نہایت ہی درد سے ملک ہند کو خطاب کرکے کہتے ہیں کہ:

''اے ملک ہند! کیا تجھ میں کوئی ایک باہمت امیر نہیں کہ اگر اور نہیں تو فقط اسی شاخ کے اخراجات کا متحمل ہو سکے۔''

یہ شاخ **اشاعت لٹریچر، اشاعت کتب** حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ السلام کی شاخ ہے۔جس کا آپؑ نے پہلے ذکر فرمایا تھا۔

حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کے انہی ارشادات کی روشنی میں ہم نے وقف جدید کی طرف سے ایک مستقل شعبہ، شعبہ اشاعت لٹریچر قائم کیا اور ہمارا مقصد یہ تھا کہ کلیۃً حضرت مسیح موعودؑ کی کتابوں کی اشاعت کی جائے۔اللہ کے فضل سے یہ کام جاری ساری ہے۔اسلام کی صحیح تعلیم لوگوں تک پہنچا کر خدمت کا کام کیا جا رہا ہے۔'' (خطباتِ طاہر 'تقاریر جلسہ سالانہ قبل از خلافت' صفحہ:14-13)

وقف جدید خدمت خلق میں بڑا بھاری کام کر رہی ہے۔معلمین کو ہومیو پیتھک بھی سکھائی جاتی ہے،طب بھی سکھائی جاتی ہے کمپونڈری بھی سکھائی جاتی ہے اور ایسی دور افتادہ جگہوں میں جہاں کوئی ڈاکٹری امداد مہیا نہیں ہوسکتی یہ لوگ خدمت خلق بھی کرتے ہیں انہیں سوشل کام بھی سکھائے جاتے ہیں یہ دیہات سدھار کا کام بھی کرتے ہیں، یہ تبلیغ اسلام بھی کرتے ہیں، یہ جماعتوں کی تربیت بھی کرتے ہیں۔

لجنہ اماء اللہ کی تنظیم وقف جدید کے تحت اسلامی تعلیم کو عورتوں میں رائج اور راسخ کرنے میں ہمہ تن مصروف ہے اور اسلامی اقدار کے مطابق اچھی مائیں پیدا کرنے کے سلسلہ میں عظیم قومی خدمت میں مصروف ہے۔

اطفال الاحمدیہ کی تنظیم بھی وقف جدید کے تحت بچوں کو اسلامی رنگ میں تربیت دینے پر کمربستہ ہے اور محروم بچے جو گھروں میں دینی تعلیم و تربیت سے بے نصیب رہے، اس تنظیم کے دائرہ میں آکر دین سیکھنے اور دین پر عمل پیرا ہونے کی مشق کر رہے ہیں۔

اس وقت جماعت میں ایسی کئی تحریکات ہیں جو خدمتِ خلق کے کاموں میں دن رات مصروف ہیں ان میں سے ایک تحریک وقفِ جدید ہے جس کا آغاز حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے 27 دسمبر 1957 میں کیا۔ حضورؓ نے فرمایا: ''اگر جماعت وقفِ جدید کی طرف توجہ کرے تو اس سے نہ صرف ہم ملکی جہالت کو دور کر سکیں گے بلکہ بیماریوں کو دُور کرنے میں ہم ملک کی مدد کر سکیں گے۔ کیونکہ وقف جدید کے معلم تعلیم کے ساتھ ساتھ علاج معالجہ بھی کرتے ہیں اور اس سے ملک کی بیماریوں کو دور کرنے میں مدد مل رہی ہے۔'' (جماعت احمدیہ کا تعارف صفحہ:403)

حضرت خلیفۃ المسیحؓ کے اس ارشاد کی روشنی میں خدمتِ خلق کے میدان میں وقفِ جدید کے تحت معلمین کی خدمات قابلِ قدر ہیں۔ چند ایک خدمات کا ذکر ذیل میں درج ہے:

فضل عمر فری ہومیو ڈسپنسری:

جب وقفِ جدید کی تحریک کا آغاز کیا گیا تو حضورؓ نے حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابعؒ کو اس کا نگران مقرر کیا تو حضورؒ نے ذمہ داری سنبھالنے کے معاً بعد دفتر وقف جدید میں فضل عمر فری ہومیو ڈسپنسری قائم فرمائی اور خلافت کے منصب پر متمکن ہونے تک خود مریضوں کو دیکھ کر مفت علاج کرتے رہے۔ یہ ڈسپنسری اب بھی خدا کے فضل سے بدستور جاری ہے اور اس سے روزانہ سو سے زائد مریض مشورہ اور دوائی مفت حاصل کرتے ہیں۔ (جماعت احمدیہ کا تعارف صفحہ:403)

المہدی ہسپتال مٹھی:

اللہ کے فضل سے وقف جدید صوبہ سندھ بالخصوص تھرپارکر جیسے پسماندہ علاقہ میں سسکتی انسانیت کی بہت ہی غم خوار ثابت ہو رہی ہے اس علاقہ میں بنی نوع انسان کے روحانی علاج کے ساتھ ساتھ جسمانی بیماریوں کا علاج ہو رہا ہے۔ معلمین وقفِ جدید کے ذریعہ ہومیوپیتھی طریق علاج اور طب یونانی طریق علاج کے علاوہ 1992 سے مٹھی علاقہ تھرپارکر سندھ میں مجلس انصار اللہ پاکستان کے تعاون سے تعمیر ہونے والے المہدی ہسپتال کے ذریعہ ایلوپیتھی طریق علاج سے دکھی لوگوں کا علاج کیا جا رہا ہے اللہ کے فضل وکرم سے المہدی اسپتال شفایابی اور حسن انتظام کے لحاظ سے ایک مقام حاصل کر چکا ہے۔ گورنمنٹ کے بڑے بڑے افسران اور اکثر علاقے کے وڈیرے اور بڑے زمین دار بھی اس اسپتال سے علاج کروانا پسند کرتے ہیں اور آنکھوں کے آپریشن کے سلسلے میں کیمپ لگائے جاتے ہیں۔ (جماعت احمدیہ کا تعارف صفحہ:404)

طاہر ہسپتال نگر پارکر:

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مورخہ 5 اپریل 2009ء سے نگر پارکر صوبہ سندھ پاکستان میں وقف جدید پاکستان کے تحت ایک عظیم الشان ہسپتال دکھی انسانیت کی خدمت کر رہا ہے۔ یہ ہسپتال لجنہ اماء اللہ کے تعاون سے تعمیر ہوا۔ اس ہسپتال کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے طاہر ہسپتال تجویز فرمایا ہے۔ (جماعت احمدیہ کا تعارف صفحہ:404)

ظاہر ہے یہ سب کام مال کی قربانی کے بغیر نہیں ہو سکتے اس لئے جب ہم چندہ وقفِ جدید کا وعدہ لکھوائیں تو اس بات کو سوچ لیں کہ میری یہ قربانی کسی بیمار کے علاج کے لئے استعمال ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔ آمین

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ دلچسپ مجلس سوال و جواب

مختلف سوالوں کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی واقفین نو بچوں اور بچیوں کو نہایت اہم ہدایات

(مبشرہ مبارکہ حامد)

☆ایک بچی نے سوال کیا: کچھ لوگ جو مذہبی نہیں ہوتے اُن کو جب یہ کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب کچھ بنایا ہے تو وہ آگے سے سوال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو (نعوذ باللہ) کس نے بنایا ہے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: سوال یہ ہے کہ جو اللہ کو ہی نہیں مانتا تم اُس کو اگر یہ کہو گی کہ اللہ تعالیٰ ہے، اللہ تعالیٰ نے مذہب بھیجا اور یہ سب کچھ کیا ہے تو وہ کہے گا کہ اللہ تعالیٰ کو مَیں مانتا ہی نہیں مجھے مذہب سے کیا۔ تو ضروری ہے کہ تم اسے پہلے یہ منواؤ کہ خدا ہے۔ وہ یہ مانتے ہیں کہ کوئی طاقت ہے جو ساری دنیا کے نظام کو چلا رہی ہے۔ یہ مانتے ہیں کہ ایک نیچر کے ذریعہ سے چل رہا ہے۔ پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جو طاقت ساری دنیا کے نظام کو چلا رہی ہے، اُس طاقت کو کس نے بنایا؟ وہ کہیں گے اُس طاقت کے اوپر کوئی طاقت ہے۔ جس طاقت پہ بھی ان کو لے آتی ہو۔ آخر ایک حد پہ پہنچ کے، انہیں کوئی نہ کوئی تو بات ماننی پڑے گی کہ کوئی طاقت ہے۔ پھر جو طاقت اُن کے نزدیک آخری طاقت ہے وہی خدا ہے۔ خدا تعالیٰ کو بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔ پھر بنانے لگے تو کس کو کس چیز نے بنایا۔ پس سوال یہ ہے کہ جو اُن کے نزدیک ایک طاقت ہے اُس کو کس نے بنایا۔ خود بخود بن گئی؟ اگر خود بخود بن گئی تو خدا بھی خود بخود بن گیا۔ تم وہ کتاب 'ہمارا خدا' پڑھو، بچوں کے لئے بھی سمجھ میں آنے والی اچھی آسان کتاب ہے۔ معلوم نہیں اُس کا جرمن میں ترجمہ ہوا ہے کہ نہیں۔ انگلش میں ترجمہ Our God کے نام پہ ہو گیا ہے، یہ کتاب پڑھو، اور اُس کو پڑھ کے پھر بتایا کرو کہ خدا ہے۔ اور کس نے بنایا اور کس طرح بنا۔ خود پڑھا بھی کرو۔ وقف نو بن گئی ہو تو کچھ اپنا بھی علم حاصل کرو۔

☆ایک واقفہ بچی نے سوال کیا کہ کیا ایک احمدی لڑکی کو ایک غیر احمدی لڑکے سے شادی کرنے کی اجازت ہے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: نہیں۔ اس لئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس بارہ میں منع کر دیا ہے کہ جو احمدی نہیں ہے اُس سے احمدی لڑکی شادی کرے تو اُسی کے ماحول میں چلی جائے گی اور اُس کی وجہ سے احمدیت اور اگلی نسل بھی خراب ہو جائے گی۔ اس لئے بہتر یہی ہے بلکہ یہی حق ہے کیونکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایسا کہا ہے اور میں بھی قانون کو بدل نہیں سکتا کہ احمدی لڑکی غیر احمدی لڑکے سے شادی کرے۔ پس احمدی لڑکی احمدی لڑکے سے ہی شادی کرے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ بعض احمدی لڑکے ہوتے ہیں بیعت کرتے ہیں اور شرط یہی ہے کہ ایک سال تک اگر احمدیت پہ قائم رہے۔ اصل بات یہ ہے کہ صرف شادی کرنا تو مقصد نہیں ہے۔ اصل مقصد یہ ہے کہ شادی بھی ہو اور آئندہ نیک نسل بھی چلے اور نیک نسل چلانے کے لئے ضروری ہے کہ لڑکے اور لڑکی کا دین ایک ہو۔ اگر لڑکوں کو بعض دفعہ اجازت دی جاتی ہے تو اُس کو یہ کہا جاتا ہے کہ تبلیغ کر کے لڑکی کو احمدی کر لو۔ اور پھر یہ ہے کہ لڑکی جو ہے وہ شادی کے بعد زیادہ لڑکوں کے یا اپنے سسرال کے influence میں ہوتی ہے۔ تو باہر سے اگر کوئی لڑکی احمدی لڑکے سے بیاہتی ہے تو اُس کا امکان یہ ہے اور اکثر میں نے دیکھا ہے کہ بیعت کر کے احمدیت میں شامل ہو جاتی ہیں اور احمدی ہوتی ہیں۔ ابھی بھی مجھے کئی جوڑے ملے ہیں جنہیں ایک دو کو اگر میں نے اجازت دی بھی تھی تو وہ لڑکیاں بعد میں احمدی ہو گئیں۔ لیکن لڑکے بہت کم ہوتے ہیں جو احمدیت کی طرف آئیں بلکہ بہت سارے واقعات ایسے ہوئے کہ لڑکیوں نے غیر احمدی لڑکوں سے

شادی کی اور اب مجھے خط لکھ رہی ہیں۔ یہاں جرمنی میں بھی ہیں۔ دو تین خط تو ان دنوں میں ہی میرے پاس آئے کہ جب انہوں نے کہا کہ ہم نے غلطی کی تھی اور اُن لڑکوں سے طلاق لے لی کیونکہ انہوں نے اُن کو دھوکہ دیا تھا۔ اس لئے ماں باپ کو جو اسلام نے کہا ہے تھوڑا بہت اُن سے بھی پوچھ لینا چاہئے سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا چاہئے۔ لڑکی کو خود بھی دعا کرنی چاہئے اور پھر دعا کر کے فیصلہ کرنا چاہئے۔ پھر پوری طرح جائزہ لینا چاہئے۔ صرف جذباتی طور پر فیصلہ نہیں کرنا چاہئے، پورا ماحول کا جائزہ لے کے پھر اگر دل کو تسلی ہو اور لڑکا احمدی ہو جائے تو پھر بیاہ ہو جاتا ہے۔

☆ایک بچی نے سوال کیا کہ جو ناصرات اسکولوں میں پڑھ رہی ہیں وہ سکول میں شیطانی باتوں سے کیسے بچ سکتی ہیں؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ایک تو یہ ہے کہ اپنا دینی علم بڑھاؤ۔ پانچ نمازیں باقاعدہ پڑھا کرو۔ یہ یاد رکھا کرو کہ خدا تعالیٰ ہے۔ یہ یاد رکھا کرو کہ خدا تعالیٰ تمہارے ہر کام کو دیکھ رہا ہے۔ ہر کام جو تم کرتی ہو اللہ اُس کو دیکھ رہا ہے۔ پھر یہ کہ استغفار پڑھتے رہا کرو۔ شیطانی کاموں کو دیکھو، تو استغفار پڑھو۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھو۔ لاحول ولا قوۃ اِلّا باللہ پڑھو۔ ان دعاؤں کے ترجمے بھی یاد کرو۔ پھر غور سے پڑھو، استغفار غور سے کرو۔ سوچ سمجھ کے کرو۔ تو انشاء اللہ بچتے رہو گے۔

(الفضل انٹرنیشنل 24 جولائی 2015 تا 30 جولائی 2015)

دعائیہ اعلانات:

☆ مکرمہ نصرت خواجہ اپنے بچوں اور خاص طور پر بیٹی حبہ خواجہ کے ساڑھے پانچ سال کی عمر میں قرآن پاک کا پہلا دور مکمل کرنے پر سب کے نیک اور خادم دین ہونے اور اپنے خاوند کی صحت وسلامتی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ فوزیہ خلیل اپنی بیٹی ارم خلیل کی شادی پر اس کی دائمی خوشیوں، ہمیشہ خوش وآباد رہنے اور دونوں خاندانوں کے لئے خوشیوں کا باعث ہونے نیز اپنے نواسوں امان احمد اور ایان احمد کی پیدائش پر ان کے صحت مند، نیک خادم دین ہونے کی دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ عزیزہ کرن خلیل، سجیلہ خلیل اور صوفیہ خلیل اپنی پڑھائی میں اعلیٰ کامیابی اور صحت کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ روبینہ خلیل اپنے جڑواں بیٹوں جو وقف نو میں ہیں ان کی صحت وسلامتی اور خادم دین ہونے نیز اپنے شوہر اور ساس کی صحت وسلامتی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ محترمہ فوزیہ طارق اپنے شوہر، بچیوں، والدہ اور دیور کی صحت وسلامتی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ عزیزہ راحیلہ طارق ،عزیزہ ندا طارق ،عزیزہ عاتقہ عدنان ،عزیزہ سدرہ احمد ،عزیزہ عمرانہ احمد ،عزیزہ عندلیب انور ،عزیزہ ارم انور، عزیزہ مصباح علی، عزیزہ ماریہ ملک، عزیزہ یحہ عروج اور عزیزہ ندرت انور علم میں ترقی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆عزیزہ شازیہ انور درخواست کرتی ہیں کہ مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ مجھے آزمائشوں سے بچائے۔ میری پریشانیاں دور کرے اور صحیح معنوں میں خدمتِ دین کی توفیق عطا کرے۔ آمین

☆محترمہ امتہ الطیف اپنے بھانجے عزیزم طارق احمد کی صحت وسلامتی والی لمبی زندگی اور ہمیشہ سے اس موذی مرض سے نجات کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔ اور وہ ساری جماعت کی تہہ دل سے شکر گزار ہیں کہ انھوں نے دعاؤں میں یاد رکھا بے حد محبت کا اظہار کرتے ہوئے ہمارے دکھ میں شریک ہوئے۔

☆محترمہ بشریٰ خالد اپنے شوہر اور بچوں کی صحت کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

صحت مند زندگی گزارنے کے چند طریقے

صبح جلدی جاگیں

جو لوگ جلدی جاگتے ہیں ان کا پورا دن چاق و چوبند گزرتا ہے بمقابلہ اس انسان کے جو دیر سے جاگتا ہے۔ یہ ایک ایسی بہترین عادت ہے جو آپ کی زندگی میں آسانیاں لے کر آسکتی ہے۔

روزانہ ورزش کریں

اگر آپ پہلے اصول صبح جلدی اٹھنے پر عمل کریں گے تو آپ کے لئے روزانہ ورزش کے لئے وقت نکالنا آسان ہو جائے گا۔ ورزش کے لئے بہت سے طریقے ہیں آپ کو جو آسان لگیں آپ اس پر عمل کر سکتے ہیں۔

چلنا یا ٹہلنا

صبح کی سیر کو اپنی عادت بنائیں۔ یہ نا صرف آپ کو چاق و چوبند رکھے گی بلکہ آپ کی صحت پر خوش گوار اثر ڈالے گی۔

یوگا

یوگا ایک ایسی ورزش ہے جو آپ کے جسم اور دماغ دونوں کو سکون دیتی ہے۔

اپنی خوراک کا خیال کیجئے

ہمارے ہاں زیادہ تر مرچ مصالحے والے اور زیادہ تیل والے کھانے کھائے جاتے ہیں۔ اپنے روزمرہ کے کھانوں میں توازن رکھیں۔ یعنی گوشت، سبزی، دالیں پھل۔ گندم کی طرح کی ہر چیز اپنی روزمرہ کی غذا میں تھوڑا تھوڑا شامل کریں جس سے آپ کی مکمل غذائی ضرورت پوری ہو۔ اپنے روزمرہ کے کھانوں سے مرچ مصالحے اور تیل کی مقدار کو کم کریں۔ صرف اتنا رکھیں جتنی ضرورت ہو۔ روزانہ دودھ پینے کی عادت ڈالیں، اپنے عام کھانے کیساتھ سلاد اور رائتہ لینے کی عادت ڈالیں یہ چیزیں آپ کے کھانے کو مکمل غذائیت دیں گی۔

صفائی کا خیال رکھیں

صحت مند رہنے کے لئے آپ کا اور آپ کے آس پاس کے ماحول کا صاف ستھرا ہونا بہت ضروری ہے اس لئے اپنے گھر کو صاف رکھیں اور روزانہ غسل کی عادت ڈالیں۔

دھوپ سینکیں

کم از کم دس منٹ سے آدھے گھنٹے تک روزانہ دھوپ لیں۔ یہ آپ کو وٹامن ڈی دیتی ہے اور سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ دھوپ لینے والوں پر بڑھاپا دیر سے آتا ہے۔ یہ صبح کی دھوپ ہو تو بہتر ہے۔ یہ سب آسان طریقے ہیں جسے آپ اپنی روزمرہ کی زندگی میں شامل کر کے اپنی زندگی آسان اور صحت مند بنا سکتے ہیں۔

(روزنامہ دنیا 8 اگست 2015)   (روزنامہ الفضل، 12 ستمبر 2015ء، صفحہ:8)

پکوان:

آلو کے بریڈ بالز

آلو	آدھا کلو ابلے ہوئے
کٹا ہوا سبز دھنیا اور نمک	حسب ضرورت اور ذائقہ
لیموں	سبز ایک چوتھائی
بریڈ	kneip eller loaf جو پسند ہو
کوکنگ آئل	ڈیپ فرائی کے لیے دو سے تین کپ

ترکیب:

ابلے ہوئے آلو چھیل کر مسل لیں اور نمک، سبز دھنیے اور لیموں کے رس کو اس میں شامل کر کے آمیزہ تیار کر لیں۔ آمیزے میں کٹی ہوئی سبز مرچ اور پمفری مصالحہ شامل کر کے ذائقے کو تیز کیا جا سکتا ہے۔ بریڈ کے کنارے چھری سے کاٹ لیں اور ٹکڑوں کو باری باری ایک پلیٹ میں رکھ کر پانی ڈال کر گیلا کر لیں پانی اتنا ڈالیں کہ پیس اچھی طرح گیلا ہو جائے پھر احتیاط سے اٹھا کر ہاتھ پر رکھ لیں اور دونوں ہتھیلیوں سے دبا کر پانی نچوڑ لیں۔ پھر آلو کا آمیزہ مناسب مقدار میں پیس کے درمیان میں رکھ کر کنارے اوپر کی طرف لاتے ہوئے بند کر کے گیند کی شکل دے دیں اور دباتے ہوئے مزید پانی نچوڑ دیں ساتھ ہی اس کو چپٹی شکل دیتے جائیں اور سطح کو ہتھیلیوں پر ہی ملائم کر لیں۔ پین میں اتنا آئل ڈالیں کہ بریڈ بالز ڈوب جائیں آئل گرم کرنے کے بعد آنچ ہلکی کر کے دونوں طرف سے تل لیں ۔سنہری ہونے پر نکال لیں اور پسند کی چٹنی کے ساتھ پیش کریں۔

(رعنا گل انور مجلس ہولملیا)

ثابت ران بنانے کا طریقہ

ا۔ران	ڈھائی سے تین کلو	۶۔نمک	دو چھوٹے چمچ
۲۔چاٹ مصالحہ	دو چھوٹے چمچ	۷۔موٹی کٹی لال مرچ	دو چھوٹے چمچ
۳۔سوکھا دھنیا	دو چھوٹے چمچ	۸۔اجوائن	دو چھوٹے چمچ
۴۔گرم مصالحہ	ایک چھوٹا چمچ	۹۔تندوری مصالحہ	دو بڑے چمچ
۵۔سویا ساس	دو بڑے چمچ	۱۰۔سرکہ	دو بڑے چمچ
۱۱۔دہی	آدھا کپ	۱۲۔تازہ لہسن	چھ جوئے پیس کر اور ایک لیموں کا رس

ترکیب:

ان سب چیزوں کو ملا لیں کر ران کے اندر ٹک لگا کر اچھی طرح مصالحہ لگائیں۔ ایک دن فریج میں پڑا رہنے دیں اگلے دن سلور پیپر میں لپیٹ کر اوون میں رکھ دیں 200 درجہ حرارت پر تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ بعد چیک کر کے دیکھیں کہ اچھی طرح گل گئی ہے۔ (لبنیٰ طارق مجلس نتیدال)

﴾ قوس قزاح کے رنگ سب کے سنگ ﴿

عزیز ممبرات لجنہ اماء اللہ! آپ کے قلموں کو تیز کرنے کے لئے " قوس قزاح " کے نام سے ایک نیا سلسلہ شروع کیا ہے۔اس سلسلہ کو کامیاب بنانے کے لئے آپ کے قلمی تعاون کی ضرورت ہے۔آپ اس کے لئے کوئی اقتباس ،معلومات، کام کی باتیں، آزمودہ ٹوٹکے، اقوال زریں، قبولیت دعا کے واقعات، نسخہ جات اور اپنے پسندیدہ اشعار بھجوا سکتی ہیں۔

دلچسپ بات:

قوس قزاح میں آپ کو خوش آمدید آپ کے بھیجے ہوئے دلچسپ واقعہ سے کرتے ہیں:

حضرت خلیفہ الربع رحمہ اللہ کا ایک واقعہ ہے:۔صاحبزادی شوکت جہاں کہتی ہیں: کہ ایک دفعہ یوں ہوا کہ میری بہن فائزہ نے ڈبّے کی ساری ٹافیاں کھالیں سوائے ایک ٹافی کے اور اِن کی جگہ بالکل اِنہی کی طرح کنکر لپیٹ کر انہیں اِس صحیح سلامت اکلوتی ٹافی کے ہمراہ ڈبّے میں رکھ کر ڈبّہ ابّا جان کی میز پر سجایا اور لگے ہاتھوں بڑا سا سوالیہ نشان بھی ڈبّے پر لگا دِیا۔ پھر اِس راز کو ایک ایک کر کے سب سہیلیوں تک پہنچا دِیا اور خود بڑی بیتابی سے اِنتظار کرنے لگیں کہ دیکھیے اب ابّا جان کیا کرتے ہیں تھوڑی دیر بعد کیا دیکھتی ہیں کہ ڈبّہ اپنی اصلی جگہ پر واپس رکھ دیا گیا ہے لیکن اب کی بار اِس کے ساتھ ایک پرچہ بھی مُنسلِک تھا جس پر یہ الفاظ لکھے ہُوے تھے۔"میں نے اپنے حِصّہ کی ایک ٹافی کھالی ہے باقی ٹافیاں آپ کھالیں"،غور سے دیکھا تو وہ اکلوتی ٹافی غائب تھی ابّا جان کے ہاتھوں فائزہ کی اِس شکستِ فاش پر اِس کی سہیلیوں کی باچھیں کِھل گئیں اور اُنہوں نے اِسے خُوب آڑے ہاتھوں لیا۔ (لبنیٰ غزالہ)

پسندیدہ اشعار:

مرے مولا! مری یہ اک دعا ہے　　تری درگاہ میں عجز و بُکا ہے
وہ دے مجھ کو جو اس دل میں بھرا ہے　　زباں چلتی نہیں شرم وحیا ہے

لوبیا اور پھلیوں کے فوائد:

لوبیا اور پھلیاں دل کے علاوہ آنتوں کو بھی ٹھیک رکھتے ہیں۔ نیز بلڈ پریشر کو کنٹرول رکھنے میں بھی مدد دیتے ہیں۔

لوبیا کھانے سے اوپر اور نیچے دونوں قسم کے بلڈ پریشر کو کنٹرول رکھتا ہے۔

اگر تھوڑی سی لوبیا روزانہ کھالی جائے تو دل کے امراض کا خطرہ ۲۵ فی صد سے کم ہو جاتا ہے۔

مختلف پھلیوں میں ایک جزو پایا جاتا جو ڈی این اے کی ٹوٹ پھوٹ کو روکتا ہے۔جسکی وجہ انسان جلدی عمر رسیدہ نہیں ہوتا۔ گہرے رنگ کے لوبیا میں یہ خاصی مقدار میں ہوتا ہے۔

نئی ریسرچ کے مطابق لوبیا کے استعمال سے کینسر جیسی بیماری سے بچا جا سکتا ہے　　(سعدیہ جاوید)

چہرے کی خوبصورتی کے لیے:

چہرے پر کالے اور سفید دھبے ختم کرنے کے لیے تین چمچ شہد اور ایک چمچ دار چینی کا پاؤڈر کا پیسٹ بنا کر ہر روز رات کو لگائیں اور صبح چہرہ نیم گرم پانی سے دھولیں۔ دو ہفتے لگانے سے یہ ختم ہو جائیں گے اور چہرہ بے داغ اور خوبصورت ہو جائے گا۔

لٹکا ہوا پیٹ کم کرنے کے لیے:

ایک ٹینڈا لیں اس کو چھلکوں سمیت چار ٹکڑے کر لیں۔ اتنی ہی لوکی لیں اور پانچ کپ پانی میں پکائیں۔ اتنا پکائیں کہ ایک کپ رہ جائے اس کو صبح نہار منہ پی لیں یا شام میں جب پیٹ خالی ہو پی سکتے ہیں۔ پیٹ خالی ہونا شرط ہے۔ افاقہ ہوگا۔ انشاء اللہ

آزمودہ ٹوٹکہ:

اگر جلی ہوئی جگہ پر آلو کا لیپ کر دیں تو سکون ملے گا اس مقام پر آبلہ نہیں پڑے گا اور جلد آرام آئے گا۔ (عفت باسط)

غزل

عمر گزری تو ہم نے یہ جانا — آدمی اس جہان میں تنہا ہے
یوں تو ہیں دوست ملنے والے بہت — پھر بھی لگتا ہے دل یہ تنہا ہے
ہر کوئی اپنے آپ میں گم ہے — یوں لگے سارا شہر تنہا ہے
ایک مدت سے کوئی غم بھی نہیں — اور دل مطمئن کہ تنہا ہے

ہم نے پایا سکون دل ایسے
دل میں رکھا اسے جو تنہا ہے

(طیبہ رضوان)

تحریک جدید کا مقصد

بوجھ اپنا سب ہمیشہ خود اُٹھانا چاہیے — اپنی جنّت اپنے ہاتھوں خود بنانا چاہیے
زورِ کفروشرک اب یکسر مٹانا چاہیے — اب فیض مصطفیٰؐ سب کو پلانا چاہیے
مرکز تبلیغ حق ہے آج تحریک جدید — بوجھ اس کے کام کا سب کو اٹھانا چاہیے
ہے رسوم بد سے بچنا روح تحریک جدید — سادگی ہی اپنا اب مسلک بنانا چاہیے
مقصدِ تحریک ہے نشر و اشاعت دین کی — بس یہی ہر دم شعار اپنا بنانا چاہیے
جو مجاہد ابتدا سے ہیں شریک اس میں انہیں — سال نو پر کچھ نہ کچھ چندہ بڑھانا چاہیے
سست گاموں کو بتا کر اس کی حکمت اور مفاد — رفتہ رفتہ تیز رفتاری سکھانا چاہیے

اور جو اس تحریک میں اب تک نہیں شامل ہوئے
ان کو بھی صدّیق جلدی اس میں لانا چاہیے

(نغمات صدیق، صفحہ:121)

انفاق فی سبیل اللہ اور محاسبہ نفس

منصورہ نصیر

اللہ تعالیٰ جب کسی الٰہی جماعت کی بنیاد رکھتا ہے تو اس جماعت کے ماننے والوں کے ایمان کو مضبوط کرنے کے لئے ان سے کچھ قربانیوں کا تقاضا فرماتا ہے۔اور خدا تعالیٰ کے قرب اور اس کی رضا کو پانے کے لئے قربانی ایک لازمی شرط ہے۔

انفاق فی سبیل اللہ کی ضرورت واہمیت:

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یُقۡرِضُ اللّٰہَ قَرۡضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗۤ اَضۡعَافًا کَثِیۡرَۃً ؕ وَ اللّٰہُ یَقۡبِضُ وَ یَبۡصُۜطُ ۪ وَ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ۔ (البقرۃ:246)

ترجمہ: کیا کوئی ہے جو اللہ کو (اپنے مال کا) ایک اچھا ٹکڑا کاٹ کر دیتا ہے کہ وہ اسے اس کے لئے بہت بہت بڑھائے اور اللہ (کی یہ بھی سنت ہے کہ وہ بندہ کا مال) لیتا ہے اور بڑھاتا ہے اور (آخر) تمہیں اسی کی طرف لوٹایا جائے گا۔

خدا کی راہ میں خرچ کرنا ایک مومن کے لئے انتہائی ضروری ہے۔وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں جو خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔اور خدا کی راہ میں خرچ کرنا ایسا ہی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کو قرض دیا ہے اور اللہ تعالیٰ وہ ہستی ہے جو بندے کو اس کی قربانی کے بدلے میں کئی گنا بڑھا کر دیتی ہے۔اللہ تعالیٰ تو غنی ہے اور بے نیاز ہے۔اس کو ہمارے پیسے کی ضرورت نہیں۔اصل میں تو ہمیں پاک کرنے کے لئے، ہمارے اطاعت کے معیار دیکھنے کے لئے، ہمیں تقویٰ کی راہوں کی تلاش کرتا دیکھنے کے لئے، ہمارے مال کی قربانی کے دعویٰ کے معیار کو دیکھنے کے لئے۔خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اس کی راہ میں خرچ کرو، اس کے دین کے پھیلانے کے لئے، بڑھانے کے لئے خرچ کرو۔

رسول کریم ﷺ نے انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت کے بارے میں فرمایا:

﴿حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی آنحضرت ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! اجر کے لحاظ سے سب سے بڑا صدقہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا سب سے بڑا صدقہ یہ ہے کہ تو اس حالت میں صدقہ کرے کہ تو تندرست ہو اور مال کی ضرورت اور حرص رکھتا ہو۔غربت سے ڈرتا ہو اور خوشحالی چاہتا ہو۔صدقہ وخیرات میں ایسی دیر نہ کر یہاں تک جب جان حلق تک پہنچ جائے تو تُو کہے فلاں کو اتنا دے دو اور فلاں کو اتنا۔حالانکہ وہ مال اب تیرا نہیں رہا وہ تو فلاں کا ہو ہی چکا۔یعنی اب تیرے اختیار سے نکل چکا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوۃ۔باب فضل صدقۃ الشحیح حدیث نمبر 1330)

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ انفاق فی سبیل اللہ کا بنیادی جُز ایثار ہے۔اور سب سے افضل انفاق وہ ہے جب انسان مزید کا طلب گار ہو مگر اپنی ضروریات اور خواہشات کا قلع قمع کرتے ہوئے خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے اپنا مال اور دولت قربان کر دے۔

اس کے عظیم ترین نظارے حضرت اقدس محمد مصطفی ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہؓ نے دکھائے۔

ایک دفعہ آنحضرت ﷺ کو ایک چادر کی شدید ضرورت تھی۔ایک صحابیہؓ نے اپنے ہاتھ سے چادر بن کر آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کی۔آپ ﷺ اسے زیب تن کر کے صحابہؓ کی مجلس میں آئے تو آپ کے جسم مبارک پر وہ بہت جچ رہی تھی۔مگر حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ چادر مجھے دے دیں۔رسول اللہ ﷺ جب مجلس سے واپس تشریف لے گئے تو چادر اُن کو بھجوادی۔

دوسرے صحابہؓ حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ سے بہت ناراض ہوئے۔کہ انہوں نے چادر کیوں مانگی۔مگر انہوں نے کہا کہ میں نے تو یہ چادر اسلئے مانگی تھی کہ مجھے بطور کفن پہنائی جائے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ (صحیح بخاری کتاب البیوع باب النساج حدیث نمبر 1951)

ایک بار حضرت علیؓ نے کسی معاملہ میں درخواست کی تو حضورﷺ نے فرمایا ابھی تو اہل صُفّہ کا انتظام نہیں ہوا۔یہ نہیں ہوسکتا کہ میں تمہیں دے دوں اور اہل صُفّہ کو اس حال میں چھوڑ دوں کہ بھوک سے اُن کے پیٹ دوہرے ہوتے رہیں۔(مسند احمد بن حنبل جلد 1،ص 79،حدیث نمبر 562)

حضرت ابو بصرہ غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ میں قبول اسلام سے قبل آنحضرتﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضورﷺ نے مجھے بکری کا دودھ پیش کیا جو آپﷺ کے اہل خانہ کے لئے تھا۔حضورﷺ نے مجھے سیر ہو کر وہ دودھ پلایا اور صبح میں نے اسلام قبول کرلیا۔ بعد میں مجھے پتہ لگا کہ آنحضرتﷺ کے اہل خانہ نے وہ رات بھوکے رہ کر گزاری جب کہ اس سے پچھلی رات بھی بھوکے گزاری تھی۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 6،ص 397 حدیث نمبر 25968)

یہی سبق تھے جو آنحضرتﷺ کے صحابہؓ نے اپنے آقا و مولیٰ سے سیکھے۔

ایک بار رسول اللہﷺ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ کیا آج تم میں سے کسی نے مسکین کو کھلایا ہے۔حضرت ابوبکرؓ فوراً اٹھے گھر پہنچے ان کے بیٹے عبدالرحمان کے ہاتھ میں روٹی کا ایک ٹکڑا تھا اس سے لے لیا۔وہ لے کر مسجد گئے اور وہاں ایک سائل ملا تو روٹی کا وہ ٹکڑا اُسے دے دیا۔

(سنن ابو داؤد کتاب الزکوۃ،باب المسئلۃ فی المسجد،حدیث نمبر 1422)

اسی طرح ایک مسکین نے حضرت عائشہؓ سے کچھ مانگا۔اس دن آپ روزہ سے تھیں اور گھر میں سوائے ایک چپاتی کے اور کچھ نہ تھا۔آپ نے اپنی خادمہ سے فرمایا یہ روٹی سائل کو دے دو۔خادمہ نے کہا کہ پھر آپ کس چیز سے روزہ افطار کریں گی،حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ روٹی ضرور اس سائل کو دے دی جائے۔

ایک دفعہ کسی مسکین نے حضرت عائشہؓ سے کھانا طلب کیا۔ان کے سامنے انگور کا ایک خوشہ رکھا ہوا تھا۔حضرت عائشہؓ نے ایک آدمی سے کہا کہ یہ خوشہ اٹھا کر سائل کو دے دو۔اس آدمی نے تعجب کیا مگر آپ نے یہ آیت پڑھی۔ **فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَه** اگر کوئی ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا تو اس کا بدلہ پائے گا۔" (مؤطا امام مالک۔کتاب الجامع باب انترغیب فی الصدقہ)

ایک دفعہ حضرت علیؓ کے پاس کسی سائل نے آکر سوال کیا تو آپ نے حضرت حسنؓ یا حضرت حسینؓ سے فرمایا کہ اپنی ماں سے جا کر کہو کہ میں ان کے پاس چھ درہم چھوڑ آیا ہوں۔ان میں سے ایک درہم دے دیں۔

چنانچہ دونوں صاحبزادے گئے اور واپس آکر کہا کہ اماں جان کہتی ہیں کہ آپ نے آٹا خریدنے کیلئے وہ چھ درہم چھوڑے ہیں۔حضرت علیؓ نے فرمایا کہ بندے کا ایمان سچا نہیں ہوسکتا جب تک کہ بندہ کو اس چیز پر جو اللہ کے قبضہ میں ہو،زیادہ اعتماد نہ ہو۔بہ نسبت اس کے جو بندے کے قبضہ میں ہو۔جا کر اپنی ماں سے وہ چھ درہم لے آؤ۔حضرت فاطمہؓ نے وہ رقم بھیج دی اور حضرت علیؓ نے وہ چھ کے چھ درہم اس سائل کو دے دیئے۔ (کنز الاعمال،جلد 3،ص 310)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ ایک بار بیمار تھے۔آپ نے فرمایا میرا دل مچھلی کھانے کو چاہتا ہے۔لوگوں نے آپ کے لئے مچھلیاں تلاش کیں۔بڑی تلاش کے بعد صرف ایک مچھلی ملی۔اس مچھلی کو ان کی بیوی حضرت صفیہ بنت عبید نے کھانے کے لئے تیار کر دیا اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے سامنے پیش کیا۔اتنے میں ایک مسکین آیا اور حضرت ابن عمرؓ کے پاس آکر کھڑا ہو گیا۔انہوں نے وہ مچھلی اٹھا کر اسے دے دی۔گھر والوں نے

عرض کیا کہ آپ نے ہمیں اس کی تلاش میں تھکا دیا تھا۔ ہم مسکین کو درہم دے دیتے وہ درہم اس کے لئے مچھلی سے زیادہ مفید ہوگا۔ آپ مچھلی کھا کر اپنی خواہش پوری کیجئے۔ مگر حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ اس وقت میرے نزدیک یہی مچھلی محبوب ہے اور اسے ہی صدقہ کروں گا۔

(حلیۃ الاولیاء، جلد 1 ،ص:297) (ماخوذ از روزنامہ الفضل،ص2، 11 نومبر 2014ء)

یہ وہ پاکیزہ قوم تھی جو موت نہیں زندگی بانٹتی تھی اور یہی وہ فوج تھی جو ذلت نہیں عزت عطا کرتی تھی۔ یہ وہ دل تھے جو انسانیت کے لئے دھڑکتے تھے انہوں نے مرنا قبول کر لیا مگر انسان کو زندگی دی اور یہی موت ہے جس سے انسان آج بھی زندہ ہوگا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اسلام کا زندہ ہونا ہم سے ایک فدیہ مانگتا ہے۔ وہ کیا ہے؟ ہمارا اُسی راہ میں مرنا یہی موت ہے جس پر اسلام کی زندگی، مسلمانوں کی زندگی اور زندہ خدا کی تجلّی موقوف ہے، اور یہی وہ چیز ہے جس کا دوسرے لفظوں میں اسلام نام ہے۔ اسی اسلام کا زندہ کرنا خدا تعالیٰ اب چاہتا ہے۔ اور ضرور تھا کہ وہ اس مہمِ عظیم کے روبراہ کرنے کے لئے ایک عظیم الشان کارخانہ جو ہر ایک پہلو سے مؤثر ہو، اپنی طرف سے قائم کرتا۔ سو اس حکیم و قدیر نے اس عاجز کو اصلاح خلائق کے لئے بھیج کر ایسا ہی کیا۔ اور دنیا کو حق اور راستی کی طرف کھینچنے کے لئے کئی شاخوں پر امر تائید حق اور اشاعت اسلام کو منقسم کر دیا۔'' (فتح اسلام، صفحہ 10 سے 12)

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَاَنۡفِقُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَلَا تُلۡقُوۡا بِاَیۡدِیۡکُمۡ اِلَی التَّہۡلُکَۃِ ۚۖۛ وَاَحۡسِنُوۡا ۚۛ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ۔ (البقرہ ۔196)

ترجمہ:۔ اور اللہ کے راستے میں (مال و جان) خرچ کرو اور اپنے ہی ہاتھوں (اپنے آپ کو) ہلاکت میں مت ڈالو اور احسان سے کام لو۔ اللہ احسان کرنے والوں سے یقیناً محبت کرتا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''پس ہر احمدی کو اس روح کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہم چندہ کیوں دیتے ہیں؟ اگر کسی سیکرٹری مال یا صدر جماعت کو خوش کرنے کے لئے، یا اس سے جان چھڑانے کے لئے چندہ دیتے ہیں تو ایسے چندے کا کوئی فائدہ نہیں۔ بہتر ہے نہ دیا کریں۔ اگر دوسرے کے مقابل پر آ کر صرف مقابلے کی غرض سے بڑھ کر چندہ دیتے ہیں تو اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ غرض کہ کوئی بھی ایسی وجہ جو خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے علاوہ چندہ دینے کی ہو، وہ خدا تعالیٰ کے ہاں رد ہو سکتی ہے۔ پس چندہ دینے والے یہ سوچیں کہ خدا تعالیٰ کا ان پر احسان ہے کہ ان کو چندہ دینے کی توفیق دے رہا ہے، نہ کہ یہ احسان کسی شخص پر، اللہ تعالیٰ پر یا اللہ تعالیٰ کی جماعت پر ہے کہ وہ اسے چندہ دے رہے ہیں۔ پس ہر چندہ دینے والے کو یہ سوچ رکھنی چاہئے کہ وہ چندے دے کر خدا تعالیٰ کے فضلوں کے وارث بننے کی کوشش کر رہا ہے۔ الٰہی جماعتوں کے لئے مالی قربانی انتہائی اہم چیز ہے۔ اس لئے میں نے تمام جماعتوں یہ کہا ہے کہ نومبائعین اور بچوں کو وقف جدید اور تحریک جدید میں زیادہ سے زیادہ شامل کرنے کی کوشش کریں، چاہے ایک پیسہ دے کر کوئی شامل ہوتا ہو، تاکہ انہیں عادت پڑے اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹنے والے ہوں۔''

(خطبہ جمعہ 16 اگست 2013)

کارکنان مال بھی مجاہد فی سبیل اللہ ہیں:۔ ''آپ جب تاریخ میں حضرت خالدؓ اور سعدؓ اور عمرو بن معدی کرب اور جرار کے حالات پڑھتے ہوں گے تو آپ کے دل میں یہ خواہش ہوتی ہوگی کہ کاش ہم اس زمانہ میں ہوتے اور خدمت کرتے۔ مگر اس وقت آپ کو یہ بھول جاتا ہے کہ

ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مقامے دارد، اس زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے جہاد بالسیف کی جگہ جہاد تبلیغ اور جہاد بالنفس کا دروازہ کھولا ہے اور تبلیغ ہو نہیں سکتی جب تک روپیہ نہ ہو۔ پس آپ لوگ اس زمانہ کے مجاہد ہیں۔ اور وہی ثواب جو پہلوں کو ملا آپ کو مل سکتا ہے اور مل رہا ہے۔ پس اپنے کام کو خوش اسلوبی سے کریں اور دوسروں کو سمجھائیں تاکہ آپ سب لوگ مجاہد فی سبیل اللہ ہو جائیں۔''

(پیغام حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ بنام کارکنان مال کراچی 3 مارچ 1957)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام مالی قربانی کے بارے میں فرماتے ہیں:

''دنیا میں انسان مال سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے۔ اسی واسطے علم تعبیر الرؤیا میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس نے جگر نکال کر کسی کو دیا ہے تو اس سے مراد مال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حقیقی اِتّقا اور ایمان کے حصول کے لئے فرمایا: **لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۔**

(آل عمران:93)

حقیقی نیکی کو ہرگز نہ پاؤ گے جب تک تم عزیز ترین چیز نہ خرچ کرو گے کیونکہ مخلوق الٰہی کے ساتھ ہمدردی اور سلوک کا بڑا حصہ مال کے خرچ کرنے کی ضرورت بتلاتا ہے اور ابنائے جنس مخلوقِ خدا کی ہمدردی ایک ایسی شے ہے جو ایمان کا دوسرا جزو ہے جس کے بدُوں ایمان کامل اور راسخ نہیں ہوتا۔ جب تک انسان ایثار نہ کرے دوسرے کو نفع کیونکر پہنچا سکتا ہے۔ دوسرے کی نفع رسانی اور ہمدردی کے لئے ایثار ضروری شے ہے اور اس آیت میں اسی ایثار کی تعلیم او ہدایت فرمائی ہے۔ پس مال کا اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا بھی انسان کی سعادت اور تقویٰ کا معیار اور محک ہے۔ ابوبکرؓ کی زندگی میں لِلّٰہی وقف کا معیار اور محک وہ تھا جو رسول اللہ ﷺ نے ایک ضرورت بیان کی اور کُل اثاث البیت لے کر حاضر ہو گئے۔'' (ملفوظات جلد 1 صفحہ 367.368، ایڈیشن 2003ء، مطبوعہ ربوہ)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں مالی قربانی کی حقیقی روح کو سمجھتے ہوئے اس کے مطابق عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مالی خدمت

کمی بیشی کی فکروں میں پڑے کیوں آدمی زادہ — کبھی فیل و رُخ و فرزیں سے بڑھ جاتا ہے اک پیادہ

وہی مالوں کی قربانی پہ ہو سکتے ہیں آمادہ — ہیں جن کی ہمتیں عالی۔ ہے جن کی زندگی سادہ

مئے عشق و محبت کے ہوں جو احباب دلدادہ — اگر توفیق دس کی ہو تو دے دیں بیس یا زیادہ

نُوا را تلخ ترمے زن چو ذوقِ نغمہ کم یابی

حُدی راتی ز ترمی خواں چو محمل را گراں بینی (از بخارِ دل۔ صفحہ:143)

تحریک جدید اور وقف جدید

دو الگ الگ تحریکات

وقف جدید کے تحت زندگی وقف کرنے والے معلمین کا دائرہ کار اور ان کی خدمات

طاہرہ زرتشت

ہم میں سے اکثر خواتین و بچیاں اور نوجوان یہ سمجھتے ہیں کہ **وقف جدید اور تحریک جدید** ایک ہی تحریک کے نام ہیں۔ جبکہ ایسا نہیں ہے۔ اور یہ دونوں تحریکات حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جاری فرمائیں۔ اور دونوں تحریکات کے جاری کرنے کا وقت بھی مختلف ہے۔ اور دونوں اپنے اپنے دائرہ کار میں رہ کر کام کرتی ہیں۔

تحریک جدید:

تحریک جدید 1934ء میں احرار اور معاندین احمدیت کی بے پناہ مخالفت کے بعد جاری کی گئی۔ جبکہ پاکستان کا قیام ابھی عمل میں نہیں آیا تھا۔ اور پاکستان اور ہندوستان ایک ملک تھا جہاں انگریزوں کی حکومت تھی۔ عجیب بات یہ تھی کہ معاندین احمدیت کو صوبہ پنجاب کی انگریزی حکومت کی پوری تائید حاصل تھی۔ اس وقت جب کہ جماعت احمدیہ کے دشمن یہ دعویٰ کر رہے تھے کہ ہندوستان سے جماعت احمدیہ کو مکمل طور پر ختم کر دیا جائے گا۔ اس وقت جماعت احمدیہ کے عظیم خلیفہ حضرت المصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ اعلان کیا کہ ساری دنیا میں تبلیغ اسلام کا جال بچھا دیا جائے گا۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے تحریک جدید کا اجراء کیا گیا۔ اور اس بابرکت تحریک کے نتیجہ میں بفضلِ تعالیٰ آج جماعت احمدیہ ساری دنیا میں پھیل چکی ہے اور اس بابرکت تحریک سے ہی پاکستان سے باہر ساری دنیا میں تبلیغ اسلام کا کام ہوا۔ مساجد تعمیر ہوئیں، مشن ہاؤسز قائم ہوئے۔ نوجوانوں نے اپنی زندگیاں تبلیغِ اسلام کے لئے وقف کیں۔ اور خدا تعالیٰ کی توحید کا پیغام اقوام عالم تک پہنچایا۔ آج ہم سب خدا تعالیٰ کے فضلوں کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کر رہے ہیں۔

وقف جدید

وقف جدید کی تحریک پاکستان کے قیام کے بعد 1957ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہی جاری فرمائی۔ اور یہ آپؓ کی آخری اور بابرکت تحریک تھی۔

حضور نے 9 جولائی 1957ء کو عیدالاضحیٰ کے مبارک دن خطبہ جمعہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کی مثال بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ احمدی نوجوانوں کو چاہیئے کہ وہ اشاعتِ اسلام کے لئے اپنی زندگیاں وقف کریں۔ آپؓ نے فرمایا:۔

''میں چاہتا ہوں کہ اگر کچھ نوجوان ایسے ہوں جن کے دلوں میں یہ خواہش پائی جاتی ہو۔ کہ وہ حضرت خواجہ معین الدینؒ اور حضرت شہاب الدینؒ سہروردی کے نقش قدم پر چلیں۔ تو جس طرح جماعت کے نوجوان اپنی زندگیاں تحریک جدید کے ماتحت وقف کرتے ہیں وہ اپنی زندگیاں براہِ راست میرے سامنے وقف کریں۔ تاکہ میں ان سے ایسے طریق پر کام لے سکوں کہ وہ مسلمانوں کو تعلیم دینے کا کام کر سکیں۔'' (تقریر جلسہ سالانہ 27 دسمبر 1957ء)

ابتداء میں اس تحریک کا مقصد دیہات میں بسنے والے احمدی احباب کی تعلیم و تربیت تھا۔کچھ عرصہ بعد اس وقف کی مزید تفصیلات اور کام کے طریقۂ کار اور اسکیم کو واضح کرتے ہوئے فرمایا:

''میری اس وقف سے غرض یہ ہے کہ پشاور سے لے کر کراچی تک ہمارے معلمین کا جال پھیلا دیا جائے اور تمام جگہوں پر تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر یعنی دس دس پندرہ پندرہ میل پر ہمارا معلم موجود ہو۔اور اس نے مدرسہ جاری کیا ہوا ہو یا دکان کھولی ہوئی ہو اور وہ سارا سال اس علاقہ کے لوگوں میں رہ کر کام کرتا رہے۔'' (تقریر جلسہ سالانہ 27 دسمبر 1957ء)

نیز فرمایا کہ:''ہماری جماعت کو یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر وہ ترقی حاصل کرنا چاہتی ہے تو اس کو اس قسم کے وقف جاری کرنے پڑیں گے اور چاروں طرف رشد و اصلاح کا جال پھیلانا پڑے گا۔پس میں جماعت کے دوستوں سے کہتا ہوں کہ وہ جتنی قربانی پیش کر سکیں کریں اور اپنا نام اس سکیم کے لئے پیش کریں۔اگر ہمیں ہزاروں معلم مل جائیں تو پشاور سے کراچی تک کے علاقہ کو ہم دینی تعلیم و تربیت کے لحاظ سے سنبھال سکتے ہیں۔ابتداء میں دس معلمین لئے جائیں گے۔مگر پھر بڑھاتے ہوئے ہزاروں تک پہنچانے کی کوشش کی جائے گی۔'' (الفضل 18 فروری 1958ء)

اس تحریک کی اہمیت اور کامیابی کے لئے جو جوش حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے دل میں تھا اس کا اندازہ حضور کے مندرجہ ذیل ارشاد سے ہوسکتا ہے۔آپؓ فرماتے ہیں:''یہ کام خدا تعالیٰ کا ہے اور ضرور پورا ہوکر رہے گا۔میرے دل میں چونکہ خدا تعالیٰ نے یہ تحریک ڈالی ہے اس لئے خواہ مجھے اپنے مکان بیچنے پڑیں، کپڑے بیچنے پڑیں، میں اس فرض کو تب بھی پورا کروں گا۔اگر جماعت کا ایک فرد بھی میرا ساتھ نہ دے تو خدا تعالیٰ ان لوگوں کو الگ کردے گا جو میرا ساتھ نہیں دے رہے اور میری مدد کے لئے فرشتے آسمان سے اتارے گا۔'' (از خطبات وقف جدید حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ)

حضورؓ نے ایک رؤیا دیکھی جس میں آپؓ نے دیکھا کہ آپ تقریر کر رہے ہیں اس تقریر میں آپ لوگوں سے کہہ رہے ہیں:۔

''دیکھو رسول کریم ﷺ کے صحابہؓ اتنے کمزور اور ناطاقت تھے کہ سارے عرب میں دس ایرانیوں یا دس رومیوں کا مقابلہ کرنے کی ان میں طاقت نہیں تھی۔اور یا پھر یہ دن آیا کہ وہ اسلام کے سیاہ جھنڈے ہاتھوں میں لے کر نکلے اور دنیا کے گوشے گوشے میں پھیل گئے آنحضرت ﷺ کی وفات پر ابھی پندرہ سال کا عرصہ ہی گزرا تھا۔کہ مسلمان ہندوستان اور چین میں جا پہنچے تم کو بھی چاہیئے کہ چھوٹے چھوٹے سیاہ جھنڈے بنا لو اور وقف جدید کے جو مجاہد ہیں وہ ہر جگہ پھیل جائیں اور اسلام کا جھنڈا ہر جگہ گاڑ دیں۔گویہ حکومت سیاسی نہیں ہوگی بلکہ دینی اور مذہبی ہوگی کیونکہ یہ لوگ دوسروں کو پڑھائیں گے اور دین سکھائیں گے اور علاج معالجہ کریں گے۔''

چنانچہ ہمیشہ کی طرح جماعت احمدیہ نے حضورؓ کی آواز پر لبیک کہا اور جماعت کے نوجوانوں نے خدا تعالیٰ کے خاص فضل کے ساتھ اپنی زندگیاں وقف کر کے لبیک کہا۔اور منتخب نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کے لئے پہلی کلاس جاری کر دی گئی۔اور بہت جلد ان کا قافلہ عملی جدوجہد کے واسطے تیار ہو گیا۔اور مؤرخہ 12 فروری 1958ء کو دعاؤں کے ساتھ معلمین کا پہلا قافلہ سوئے منزل روانہ ہوا۔ان درویش صفت معلمین نے بھی اور بعد میں آنے والے واقفین نے بھی بنیادی ضروریات زندگی کے لئے بھی بہت تھوڑے الاؤنسز پر گزارہ کیا۔اپنے مراکز میں اور بالعموم نگر پارکر جیسے پسماندہ علاقہ میں بالخصوص جہاں پینے کا بھی بمشکل دستیاب ہوتا ہے اور اس پانی کا پینا بہت بڑی قربانی ہے کیونکہ اس کا ذائقہ مٹی کے تیل سے بھی بدتر ہے۔ان معلمین نے ان مشکلات کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے سسکتی ہوئی انسانیت کی خدمت کی۔اور اللہ کے فضل و کرم سے بہت ہی عمدہ نتائج سامنے آئے۔

پاکستان میں نگر پارکر کا علاقہ ریگستانی ہے اور یہ علاقہ ہندوستان کے راجستھان کی سرحد سے ملتا ہے۔یہاں ہندو قوم کی کثرت ہے لیکن وہ

بہت ہی غریب ہیں۔ان کا گزارہ اس کھیتی باڑی پر ہے جو بارش کے نتیجہ میں اس صحرا میں ہوتی ہے۔ پانی اور آب پاشی کی قلت ہے۔ دور دور تک پانی کا نام ونشان نہیں ہے۔طبی امداد میل ہا میل تک مہیا نہیں ہو سکتیں۔لوگ معمولی بیماری کا علاج بھی نہیں کروا سکتے اور اس طرح سینکڑوں کی تعداد میں ہر سال انسانی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ان کو علاج معالجہ کی سہولت میسر نہیں ہیں۔اور وہاں زمیندار ان سے بیگار لیتے ہیں۔ فصل کے لئے بیج مہاجن کے سودی قرضے سے خریدا جاتا ہے اور پوری زندگی بلکہ نسل در نسل یہ سود بڑھتا جاتا ہے۔

